RNI NO. APURD/2009/30780

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
हिन्दी दैनिक
सदा-ए-हुसैनी
ONLINE ADDITION
www.sadaehussaini.in

قیمت : 5 جلد (17) شمارہ (117) صفحات (8) 27/اپریل 2025 28/شوال المکرّم 1446ھ اتوار 27-04-2025 Sunday E-mail : sadaehussaini@gmail.com

بی جے پی رکن اسمبلی کی جامع مسجد میں گھس کر نعرے بازی

جئے پور ۔26/اپریل (ایجنسی) راجستھان کے دارالحکومت جئے پور کے جوہری بازار علاقہ میں کشیدگی پھیل گئی۔ جمعہ کو رات دیر گئے احتجاجیوں کی بڑی تعداد اکٹھا ہوگئی تھی۔ ان کا الزام ہے کہ بی جے پی رکن اسمبلی بالمکند آچاریہ نے ایک فرقہ کے خلاف نعرے بازی کی اور جامع مسجد کے اندر اس فرقہ کے خلاف پوسٹر چسپاں کیا۔ رکن اسمبلی نے اس الزام کی تردید کی ہے۔ اس نے وضاحت کی ہے کہ وہ پہلگام دہشت گرد حملہ میں ہلاک ہونے والے سیاحوں کو خراجِ عقیدت ادا کرنے کے سلسلہ میں شہر کے بڑی چوپاڑ علاقہ میں منعقدہ جلسہ عام میں شرکت کے لیے گیا تھا۔ اس نے پاکستان کے خلاف نعرے لگائے تھے۔ ڈی سی پی (نارتھ) راشی ڈوگرا نے ہفتہ کے دن کہا کہ لوگوں کی بڑی تعداد نے بی جے پی رکن اسمبلی کے خلاف نعرے لگائے اور کارروائی کا مطالبہ کیا۔ صورتِ حال پر قابو پالیا گیا۔ احتجاج شروع ہوتے ہی کانگریس کے رکن اسمبلی حلقہ کشن پول امین کاغذی اور آدرش نگر کے رکن اسمبلی رفیق خان بھی پہنچ گئے۔ انھوں نے مظاہرین کی تائید کی۔ احتجاجیوں کے وفد نے پولیس کمشنر بیجو جارج سے ملاقات کی۔ بعد ازاں رات میں جامع مسجد کمیٹی کے رکن کی شکایت پر مانک چوک پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج ہوئی۔ شکایت میں کہا گیا کہ آچاریہ اور ان کے حامی نمازِ عشا کے دوران مسجد میں داخل ہوئے۔ انھوں نے ایک فرقہ کے خلاف نعرہ بازی کی اور مسجد کی سیڑھیوں پر مسلمانوں کے خلاف پوسٹر لگایا اور دھمکیاں دیں۔ جامع مسجد کمیٹی کے سکریٹری ظہیر اللہ خان نے کہا کہ ہم عشا کی نماز ادا کر رہے تھے کہ بالمکند آچاریہ مسجد میں گھس آیا۔

پاکستان کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ

نئی دہلی ۔26/اپریل (ایجنسی) کشمیر میں لائن آف کنٹرول پر پاکستان کی جانب سے متعدد چوکیوں سے بلا اشتعال فائرنگ کی گئی، جس کا ہندوستانی فوجیوں نے منہ توڑ جواب دیا۔ ہندوستانی فوج کے مطابق 25 اور 26 اپریل کی درمیانی شب کشمیر میں لائن آف کنٹرول کیساتھ پاکستانی فوج کی متعدد چوکیوں سے چھوٹی بلا اشتعال فائرنگ کی گئی۔ ہندوستانی فوجیوں نے چھوٹے ہتھیاروں سے مناسب جواب دیا۔ تاہم کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

تہور رانا، ٹال مٹول والے جوابات دے رہا ہے: پولیس

نئی دہلی ۔26/اپریل (ایجنسی) ممبئی پولیس نے ہفتہ کے دن کہا کہ 26/11 ممبئی دہشت گرد حملوں کا اصل سازشی تہور رانا تحقیقاتی ایجنسیوں سے تعاون نہیں کر رہا ہے۔ وہ ٹال مٹول والے جوابات دے رہا ہے۔ ممبئی پولیس کرائم برانچ اس سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔ نیشنل انوسٹی گیشن ایجنسی کے ایک عہدیدار نے کہا کہ ممبئی پولیس کرائم برانچ کی ایک ٹیم اس کے دہلی دفتر آئی ہوئی ہے جہاں تہور حسین رانا کو رکھا گیا ہے۔ ممبئی پولیس نے اس سے تقریبا 8 گھنٹے پوچھ تاچھ کی۔ پاکستان آرمی میڈیکل کارپس کے سابق عہدیدار تہور رانا نے کہا ہے کہ اسے 17 سال پرانی باتیں یاد نہیں۔ 64 سالہ پاکستانی نژاد کینیڈین شہری شکاگو میں رہ رہا تھا۔ اسے لاس اینجلس سے ہندوستان لایا گیا۔

مدھیہ پردیش میں 228 پاکستانی شہری مقیم

بھوپال ۔26/اپریل (ایجنسی) مدھیہ پردیش میں مقیم 228 پاکستانی شہریوں کو مرکز کی 27 اپریل کی ڈیڈ لائن سے قبل ہندوستان چھوڑ کر جانا ہوگا۔ ایک عہدیدار نے ہفتہ کے دن یہ بات بتائی۔ منگل کے پہلگام حملہ میں 26 افراد کی ہلاکت کے بعد ہندوستان' پاکستان کے درمیان کشیدگی بڑھی ہوئی ہے۔ ہندوستان نے پاکستانی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ 27 اپریل تک اپنے ملک واپس چلے جائیں۔ ریاستی حکومت کے ایک سینئر عہدیدار نے کہا کہ ہمیں دستیاب اعداد و شمار کے مطابق مدھیہ پردیش میں 228 پاکستانی مقیم ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کل تمام چیف منسٹروں کو فون کر کے کہا تھا کہ وہ 27 اپریل تک پاکستانی شہریوں کو انکے ملک واپس بھیج دینا یقینی بنائیں۔

احمد آباد میں ایک ہزار غیر قانونی بنگلہ دیشی پکڑے گئے

احمد آباد ۔ 26/اپریل (ایجنسی) گجرات کے شہروں احمد آباد اور سورت میں کومبنگ آپریشن کے دوران 1000 سے زائد غیر قانونی بنگلہ دیشی امیگرنٹس بشمول عورتیں اور بچے پکڑے گئے۔ احمد آباد میں 890 اور سورت میں 134 بنگلہ دیشیوں کو حراست میں لیا گیا۔ مملکتی وزیر داخلہ ہرش سنگھوی نے کہا کہ یہ گجرات اے ٹی ایس کا اب تک کا سب سے بڑا آپریشن ہے۔ بنگلہ دیشیوں کو ان کے ملک واپس بھیجنے کی کوششیں جاری ہیں۔ ریاستی وزیر نے خبردار کیا کہ غیر قانونی امیگرینٹس کو پناہ دینے والوں کیخلاف بھی قانونی کارروائی ہوگی۔

نفرت کا محبت سے مقابلہ کرنے نئی طرز سیاست کی ضرورت: راہول گاندھی

حیدرآباد ۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر و کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے ایک نئی طرز سیاست کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو ملک اور دنیا بھر میں عوامی مسائل کو سمجھتے ہوئے غصے، خوف اور نفرت کا محبت اور خلوص سے مقابلہ کر سکے۔ وہ حیدرآباد میں جاری بھارت سمٹ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے دنیا بھر میں ایک عالمی ترقی پسند تحریک کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جمہوری سیاست بنیادی طور پر تبدیل ہو چکی ہے اور اب ایک نئی طرز سیاست تشکیل دینا ضروری ہے۔ اپنی کنیا کماری سے کشمیر تک پیدل یاترا کے تجربات بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو سننے کی اشد ضرورت ہے۔ قبل ازیں، بھارت سمٹ کے دوسرے دن کی نشست میں فوری اور منصفانہ ماحولیاتی اقدامات پر زور دیا گیا۔ ماحولیاتی انصاف میں تیزی کے عنوان سے منعقدہ اجلاس میں منتخب ماحولیاتی تبدیلی کے ماہرین نے حصہ لیا۔ قبل ازیں، کانگریس لیڈروں نے اپنے سینئر رہنما راہل گاندھی کا شمس آباد ایرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا۔

ہم کانگریس حکومت پر عوامی اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچانے پر عزم

گزشتہ دس سالوں میں بی آر ایس حکومت عوام کی توقعات پر پوری نہیں اتری: ریونت ریڈی

حیدرآباد ۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں منعقدہ بھارت سمٹ 2025 کے دوسرے دن خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دس سالوں میں بی آر ایس حکومت عوام کی توقعات پر پوری نہیں اتری، اسی لئے عوام نے کانگریس کو ووٹ دے کر اقتدار میں لایا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت پر عوام کو مکمل اعتماد ہے اور ہم ان کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچانے کے لئے پر عزم ہیں۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ اقتدار میں آنے کے مختصر عرصہ میں ہی ریاستی حکومت نے کسانوں کے 20 ہزار کروڑ روپے کے قرضہ جات معاف کئے ہیں، جو ملک میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا فیصلہ ہے۔ رعیتو بھروسہ اسکیم کے تحت فی ایکڑ 12,000 روپے دئے جا رہے ہیں، مزدوروں کے لئے روزگار گارنٹی کارڈ ہولڈرس کو بھی مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے اور کسانوں کو اقل ترین امدادی قیمت کے ساتھ 500 روپے اضافی بونس بھی دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلی نے کہا کہ اگرچہ کئی نوجوانوں کے پاس سرٹیفکیٹس ہیں، ہنر کی کمی کی وجہ سے انہیں ملازمتیں نہیں ملتیں، اسی لئے ریاست میں باوقار اسکل یونیورسٹی قائم کی گئی ہے۔ حکومت نے اب تک ڈیڑھ سال میں 56,000 ملازمتیں فراہم کر کے بیروزگار نوجوانوں کو سہارا دیا ہے۔ ریاست میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے اقدامات کئے گئے ہیں اور داوس اجلاس سے 1 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ریاست میں لانے میں کامیابی حاصل کی گئی ہے۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ کانگریس حکومت کا ایجنڈا خواتین کو کروڑ پتی بنانا ہے۔ خواتین صنعت کاروں کو بڑے صنعتی کاروں میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی سی بسوں میں خواتین کے لئے مفت سفر کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے اور ساتھ ہی مفت بجلی بھی مہیا کی جا رہی ہے۔

لندن میں پاکستانی سفارتکار کا شرمناک عمل

لندن / نئی دہلی ۔ 26/اپریل (ایجنسی) ایک پاکستانی سفارت کار کا انکشاف ہوا ہے جس میں اس نے لندن میں پاکستانی ہائی کمیشن کے باہر احتجاج کرنے والے برطانوی - ہندوستانیوں کے گلے کاٹنے کا اشارہ کیا ہے۔ جموں و کشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے خلاف لندن میں پاکستانی ہائی کمیشن کے باہر سینکڑوں برطانوی اور ہندوستانی شہری احتجاج کر رہے تھے۔ اس احتجاج کے دوران ایک پاکستانی سفارت کار نے ہائی کمیشن کی بالکونی سے مظاہرین کی طرف گلے کاٹنے کا اشارہ کیا۔ اس دوران برطانوی - ہندوستانی مظاہرین نے بھارت ماتا کی جئے اور ڈاؤن ود پاکستان کے نعرے لگائے۔ احتجاج کے دوران، کرنل تیمور راحت نامی پاکستانی سفارت کار نے ایک پلے کارڈ اٹھا رکھا تھا جس میں ہندوستانی فضائیہ کے ونگ کمانڈر ابھینندن ورتھمان کی تصویر تھی جس پر پاکستانی میم "چائے شاندار ہے" لکھا ہوا تھا۔ اور اسے بالکونی سے مظاہرین کے ہجوم کی طرف لہرایا تھا۔ اس مضحکہ خیز حرکت کے بعد کرنل راحت نے وحشیانہ انداز میں گلا کاٹنے کا اشارہ کیا۔ قابل ذکر ہے کہ اس قتل کے بعد ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی عروج پر پہنچ گئی ہے۔ ہندوستان نے پہلگام حملے کا جواب دیتے ہوئے سندھ طاس معاہدہ معطل کر دیا، ہندوستان میں پاکستانی شہریوں کو بے دخل کر دیا، نئی دہلی میں اپنے ہائی کمیشن میں پاکستانی فوجی مشیروں کو نان گریٹا قرار دیا اور انہیں بے دخل کیا، اسلام آباد میں ہندوستانی ہائی کمیشن سے اپنے مشیروں کو واپس بلا لیا اور سفارتی عملے کو کم کیا۔ پاکستان نے جواب میں کہا کہ آبی معاہدے کو معطل کرنا جنگ کے مترادف ہوگا اور شملہ معاہدے کو معطل کر دیا۔ امریکہ، روس، برطانیہ، آسٹریلیا، فرانس اور خلیجی ممالک کے رکن ممالک سمیت پوری دنیا نے متفقہ طور پر اس گھناؤنے واقعے کی مذمت کی ہے۔

ویٹیکن سٹی میں پوپ فرانسس کی آخری رسومات میں دنیا بھر سے سربراہان مملکت، سیاسی رہنماؤں اور اہم شخصیات شریک تھے۔

مجھے پاکستان واپس نہ بھیجا جائے: سیما حیدر

نوئیڈا (یوپی) ۔ 26/اپریل (ایجنسی) سیما حیدر نے جسے پہلگام حملہ کے بعد پڑوسی ملک کے خلاف حکومتِ ہند کے اقدامات کے تحت پاکستان واپس بھیج دیے جانے کا اندیشہ ہے، کہا ہے کہ میں پاکستان کی بیٹی تھی، لیکن اب ہندوستان کی بہو ہوں۔ مجھے یہاں رہنے دیا جائے۔ سیما حیدر 2023 میں اس وقت سرخیوں میں آئی تھی جب اس نے اپنے ہندوستانی عاشق سچن مینا سے شادی کے لیے پاکستان چھوڑ دیا تھا۔ صوبہ سندھ میں پہلے ہی اس کی شادی ہو چکی تھی۔ وہ اپنے 4 بچوں کے ساتھ غیر قانونی طریقہ سے نیپال کے راستہ ہندوستان میں داخل ہوئی تھی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر شیئر ویڈیو میں اس نے کہا کہ وہ پاکستان جانا نہیں چاہتی۔ مودی اور یوگی سے اس کی اپیل ہے کہ اسے ہندوستان میں رہنے دیا جائے۔ اس کا کہنا ہے کہ سچن مینا سے شادی کے بعد وہ ہندو بن گئی۔ اس کے وکیل کو امید ہے کہ اسے ہندوستان میں رہنے دیا جائے گا۔

جنوبی کشمیر میں تین ملی ٹنٹوں کے مکان مسمار کئے گئے

سری نگر ۔ 26/اپریل (ایجنسی) حکام نے ہفتے کے روز بتایا کہ جنوبی کشمیر میں مزید تین ملی ٹنٹوں کے گھروں کو دھماکہ خیز مواد کا استعمال کرتے ہوئے منہدم کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پلوامہ، شوپیاں اور کولگام اضلاع میں ملی ٹنٹوں کے تین مکانات کو رات کے وقت گرا دیا گیا۔ حکام نے بتایا: حالیہ دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں، رات کے وقت جنوبی کشمیر میں دہشت گردوں کے تین مکانات کو دھماکے سے گرا دیا گیا۔ واضح رہے کہ 24 اور 25 اپریل کی درمیانی شب جنوبی کشمیر میں لشکر طیبہ کے دو ملی ٹنٹوں کے گھروں کو جن کا شبہ تھا کہ پہلگام حملہ آوروں میں شامل تھے، کو "دھماکہ خیز مواد کا استعمال کرتے ہوئے منہدم کر دیا گیا تھا۔

پاکستان نے ہندوستانی طیاروں کیلئے فضائی حدود بند کردی

نئی دہلی ۔26/اپریل (ایجنسی) ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ پہلگام میں ہوئے حالیہ دہشت گرد حملہ کے بعد ہندوستان کی جانب سے پاکستان کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جانے پر، اب پاکستان نے بھی جوابی کارروائی کرتے ہوئے بھارتی طیاروں کیلئے اپنی فضائی حدود بند کرنیکا اعلان کیا ہے۔ اس فیصلہ کا سب سے زیادہ اثر ہوائی سفر اور شمالی ہندوستان سے مغربی ممالک جانے والی پروازوں پر پڑے گا۔ فلائٹ کے سفر کا دورانیہ اور فاصلہ بڑھنے کی وجہ سے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (DGCA) نے ایئر لائن کمپنیوں اور مسافروں کے لیے نئی ہدایات جاری کی ہیں۔ ڈی جی سی اے نے خبردار کیا ہے کہ پاکستانی فضائی حدود دستیاب نہ ہونے کے باعث طیاروں کو متبادل اور طویل راستوں سے سفر کرنا پڑیگا، جس سے سفر کا وقت بڑھ جائیگا۔ اس کیساتھ ہی ایندھن کی اضافی ضرورت اور عملہ کی تبدیلی کیلئے تکنیکی اسٹاپ لینے کی بھی ضرورت پیش آسکتی ہے۔ مسافروں کو تکلیف نہ ہو، اس لیے ایئر لائنز کو طویل سفر کے مطابق اضافی خوراک، مشروبات اور ہنگامی طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ خصوصی طور پر دہلی، امرتسر جیسے شمالی شہروں سے متحدہ عرب امارات، یوروپ، برطانیہ اور شمالی امریکہ جانے والی ایئر انڈیا، انڈیگو اور اسپائس جیٹ کی پروازیں زیادہ متاثر ہوں گی۔ اب یہ پروازیں ممبئی یا احمد آباد ہوتے ہوئے عرب سمندر کے راستے مسقط کی طرف مڑیں گی۔ پائلٹس کے مطابق، نئے راستے میں مخالف ہوائیں چلتی ہیں، جس کی وجہ سے سفر کا وقت مزید بڑھ جائے گا اور ایئر لائن کمپنیوں پر ایندھن، لینڈنگ چارجز اور عملے کے اخراجات کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ خاص طور پر ایئر انڈیا، جو طویل فاصلے کی پروازیں چلاتی ہے، کو سب سے زیادہ مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑیگا۔ اطلاعات کے مطابق، انڈیگو نے اضافی اخراجات کے باعث اپنی چند بین الاقوامی سروسز کو عارضی طور پر معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ساتھ ہی، سفر کے اخراجات میں اضافہ ہونے کی وجہ سے آئندہ دنوں میں ٹکٹوں کی قیمتوں میں 30 سے 40 فیصد تک اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

جنوبی ایران کی بندرگاہ پر دھماکہ، 4 افراد جاں بحق

بندر عباس میں دھماکے کی وجہ تا حال معلوم نہیں ہو سکی، گورنر ہرمزگان

تہران ۔ 26/اپریل (مہر خبر رساں ایجنسی / صدائے حسینی) ایران کے جنوبی صوبے ہرمزگان میں بندرگاہ پر زوردار دھماکہ ہوا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مقامی وقت کے مطابق دوپہر 12:30 بجے جنوبی صوبے ہرمزگان میں واقع شہید رجائی بندرگاہ پر زوردار دھماکہ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق دھماکہ بندرگاہ کی ایک بلڈنگ میں ہوا ہے۔ شہید رجائی بندرگاہ پر دھماکے کی وجہ معلوم ہوگئی بندرگاہ پر تیل کے ڈپو میں دھماکہ ہوا جس کے بعد امدادی ٹیموں کو فوری طور پر جائے حادثہ کی طرف بھیجا گیا ہے۔ حالات سیکورٹی اور امدادی ٹیموں کے قابو میں آنے تک بندرگاہ کی سرگرمیاں بند ہیں۔ واقعے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کی تعداد کے بارے میں ابھی تک مکمل اطلاعات نہیں ہیں تاہم دھماکے کی شدت زیادہ ہونے کی وجہ سے زیادہ نقصانات کا امکان ہے۔ ایران کی نیشنل آئل ریفائننگ اور پٹرولیم مصنوعات کی کمپنی نے شہید رجائی بندرگاہ پر دھماکے اور آگ لگنے کے حوالے سے ایک بیان میں کہا ہے کہ دھماکے کا علاقے میں موجود آئل ریفائنری، ایندھن کے ذخائر اور تیل کی پائپ لائنوں سے وابستہ تنصیبات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بیان کے مطابق اس وقت بندر عباس کے علاقے میں موجود تمام تنصیبات معمول کے مطابق فعال ہیں اور ان کے کام میں کوئی خلل نہیں آیا ہے۔ تہران کے گورنر نے بندر عباس میں دھماکے کے زخمیوں کی قریبی اسپتالوں میں منتقلی کیلئے تیاری کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بندر عباس میں ہونے والے دھماکے کی اصل وجہ تا حال معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ "مہر کے نامہ نگار کے مطابق محمد آشوری نے بندر عباس میں ہونے والے دھماکے کے زخمیوں کی قریبی اسپتالوں میں منتقلی کا اعلان کرتے ہوئے کہا: "بندر عباس میں ہونیوالے دھماکے کی اصل وجہ تا حال معلوم نہیں ہو سکی ہے۔

حماس یرغمالیوں کی رہائی اور مذاکرات کیلئے تیار

غزہ ۔26/اپریل (ایجنسی) فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس نے تمام یرغمالیوں کی ایک ساتھ رہائی اور اسرائیل کے ساتھ پانچ سالہ جنگ بندی معاہدے پر مذاکرات کیلئے اپنی دستیابی ظاہر کر دی۔ خبر رساں ایجنسی اے ایف پی کے مطابق حماس عہدے دار نے شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ تنظیم بقیہ یرغمالیوں کی ایک ساتھ واپسی کے بدلے فلسطینی قیدیوں کی رہائی اور 5 سالہ جنگ بندی کیلئے تیار ہے۔ حماس عہدے دار کی جانب سے مذکورہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مزاحمتی تنظیم کا اعلی سطح وفد آج قاہرہ میں ثالثوں سے ملاقات کرنے والا ہے۔ 17 اپریل کو حماس نے عارضی جنگ بندی معاہدے کی مخالفت کرتے ہوئے اسرائیلی تجویز کو مسترد کیا تھا۔ اسرائیل نے تجویز دی تھی کہ حماس 45 روزہ جنگ بندی کے بدلے 10 زندہ یرغمالی رہا کرے۔ حماس کا شروع سے یہی مطالبہ ہے کہ جنگ بندی معاہدے کے تحت تنازعات کے خاتمے، غزہ سے اسرائیلی فوجیوں کا مکمل انخلا، یرغمالیوں کے بدلے فلسطینی قیدیوں کی رہائی اور غزہ میں انسانی امداد کو فوری داخلے کی اجازت دی جائے۔ دوسری جانب، اسرائیل اپنے یرغمال شہریوں کی رہائی اور غزہ میں حماس و دیگر مسلح گروپوں کو غیر مسلح کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ 19 جنوری سے 17 مارچ تک ہونے والی جنگ بندی کے نتیجے میں 33 یرغمالیوں رہا کیے گئے جبکہ اس کے بدلے میں اسرائیلی جیلوں سے تقریبا 1800 فلسطینی قیدیوں کی رہائی ممکن ہوئی۔ 18 مارچ کو جنگ بندی معہدے کے باوجود اسرائیلی جارحیت دوبارہ شروع ہونے کے بعد سے اب تک کم از کم 2 ہزار 62 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔

دون ہسپتال کیمپس میں راتوں رات مزار ڈھا دیا گیا

دہرہ دون ۔ 26/اپریل (ایجنسی) گورنمنٹ دون میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل دہرہ دون کے کیمپس میں کئی دہوں سے موجود ایک مزار کو ڈھا دیا گیا۔ عہدیداروں نے ہفتہ کے دن یہ بات بتائی۔ جمعہ کی رات پولیس کی موجودگی میں علاقہ کو مہر بند کر کے دو جے سی بی مشینوں کی مدد سے مزار کو منہدم کر دیا گیا۔ رشی کیش کے رہنے والے ایک شخص نے چیف منسٹر ہیلپ لائن پورٹل پر دواخانہ کے کیمپس میں مزار کی موجودگی کے تعلق سے شکایت کی تھی۔ عہدیداروں کے بموجب کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد غیر قانونی ثابت ہونے پر مزار کو ڈھایا گیا۔ یہ بھی شکایت تھی کہ دواخانہ میں جگہ کی تنگی ہے اور مزار کی وجہ سے لوگوں کے آنے جانے میں مشکل ہو رہی تھی۔ ذرائع کہا کہنا ہے کہ مزار کے خادم نے مریضوں اور تیمارداروں کی حوصلہ افزائی کی تھی کہ وہ صحت یابی کے لیے مزار پر دعا کیا کریں۔ دواخانہ انتظامیہ کو بھی اس مزار سے پریشانی تھی۔ ریاست میں تقریبا 2 سال سے غیر قانونی مزار ڈھانے کی کارروائی چل رہی ہے۔ پردیش کانگریس کے نائب صدر سوریہ کانت دھسمانہ نے کہا کہ حکومت کو کسی بھی غیر قانونی چیز کے خلاف کارروائی کا اختیار ہے، لیکن راتوں رات جس طرح انہدامی کارروائی کی گئی اس سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت کسی نہ کسی بہانہ صرف نفرت پھیلانا چاہتی ہے۔ یہ حکومت یا تو مزاروں کو ڈھاتی ہے یا مدرسوں کے خلاف کارروائی کرتی ہے۔ اس کے سوا کچھ بھی نہیں کرتی۔ دواخانہ کے احاطہ میں یہ مزار سال 2000 میں اتراکھنڈ کے ریاست بننے سے بھی پہلے کا ہے۔ دھسمانہ نے کہا کہ یہ مزار وقف بورڈ کے تحت ہے اور وقف بورڈ ہی کہہ سکتا ہے کہ یہ غیر قانونی ہے یا نہیں۔

روزنامہ صدائے حسینی — بے زبانوں کی زبان — حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
Sunday 27-04-2025 epaper.sadaehussaini.com

SUPPORT US
Scan to pay with any UPI app
Be A Part Of Sada-E-Hussaini
9246500619

اپنا اخبار اپنی بات
APNA AKHBAR APNI BAAT
sadaehussaini.com / sadaehussaini.in /
sadaehussaini@gmail.com
Mobile : 9490618051 Whatsup : 9346938539

آیت کریمہ: جس دن عذاب انہیں اوپر سے اور نیچے سے ڈھانک لے گا اور کہے گا کہ اب اپنے اعمال کا مزہ چکھو
(سورہ العنکبوت۔ آیت 55)

حدیث شریف: میری امت میں سے جو شخص چالیس احادیث یاد کرلے (یا لکھے) تو خداوندِ کریم بروز حشر اس کا نام علماء اور فقہاء کی فہرست میں درج کرے

حضرت علیؑ نے فرمایا: ہمیشہ سچ بولو تاکہ تمہیں قسم کھانے کی ضرورت نہ پڑے۔ حکم خدا کا نفاذ وہی کرسکتا ہے جو (حق کے معاملے میں) نرمی نہ برتے عجز و کمزوری کا اظہار نہ کرے اور حرص و طمع کے پیچھے نہ لگ جائے۔

سورہ فاتحہ
برائے ایصال ثواب

سید احمد حسین جعفری صاحب مرحوم
ابن سید کلب حسین جعفری صاحب مرحوم
محترمہ کنیز عباس صاحب مرحومہ
بنت میر فیاض علی صاحب مرحوم
کی روح کو شاد فرمائیں۔
محترمہ فاطمہ بیگم صاحب مرحومہ
بنت سید بسم اللہ خان صاحب مرحوم

درس تبین فرقان وتفسیر قرآن
حجۃ السلام مولانا سید تقی رضا عابدی ہر صبح 6.30 غیر از روز جمعہ بمقام دفتر مجلس علماء ہند، نور خاں بازار میں درس تبین فرقان و تفسیر قرآن کا درس دینگے۔

محرک عزائے فاطمی آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ

مولانا سید علی ہاشم عابدی

مرجع عالی قدر آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ 1345ھ کو ایران کے شہر تبریز میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد جناب حاج علی کبار مرحوم ایک ایسے تاجر تھے جو اپنے ایمان اور عدالت کے سبب مشہور تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ سیدہ فاطمہ سلطان ایک دیندار خاتون تھیں۔

آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ نے پہلے ہائی اسکول تک عصری تعلیم حاصل کی۔ بچپن سے ہی اپنی ذہانت اور تعلیم میں لگن کے سبب مشہور تھے اور امتحانات میں نمایاں نمبروں سے کامیاب ہوتے لیکن ہائی اسکول تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ کو علوم اہلبیت اور خدمت دین کا شوق ہوا تو تبریز کے مدرسہ طالبیہ میں داخلہ لیا۔ اگرچہ احباب اور گھر والوں نے منع کیا لیکن آپ نے اپنے والد کو راضی کرلیا اور مدرسہ میں داخل ہوئے اور چار برس میں مقدماتی تعلیم مکمل کی اور حوزہ علمیہ قم مقدس کی جانب روانہ ہوگئے۔

حوزہ علمیہ قم میں آیت اللہ العظمیٰ سید محمد حجت کوہ کمریؒ اور آیت اللہ العظمیٰ بروجردیؒ جیسے عظیم اساتذہ سے کسب فیض کیا، اور مسجد نو میں تدریسی فرائض انجام دیتے تھے دن بہ دن طلاب کی کثرت آپ کی علمی عظمت اور حسن تدریس کی غماز تھی۔ آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ نے اپنے ہونہار شاگرد کی علمی استعداد کو ملاحظہ کیا تو حوزہ علمیہ قم میں ممتحن مقرر فرمایا۔

آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ کی دلی تمنا تھی کہ حوزہ علمیہ نجف اشرف میں تعلیم حاصل کریں لیکن حالات اس کی اجازت نہیں دی، ایک دن آپ مراجع کرام و علمائے عظام کی خدمت تشریف فرما تھے کسی علمی مسئلہ پر بحث ہورہی تھی ہر ایک اپنا نظریہ بیان کررہا تھا جب آپ کو موقع ملا تو آپ نے اپنا نظریہ بیان کیا جسے سب نے قبول کیا اور تعریف کی، وہیں علم و علما دوست ایک تاجر بھی موجود تھے جب سب لوگ جانے لگے اور آپ بھی اٹھنا چاہتے تھے کہ اس دیندار تاجر نے اشارہ کیا کہ تشریف رکھیں آپ سے کام ہے، جب سب چلے گئے تو تاجر نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر آپ کو کوئی ضرورت ہو تو بیان کریں تاکہ میں اسے انجام دوں تو آپ نے فرمایا ابتدا سے میری دلی تمنا ہے کہ نجف اشرف میں تعلیم حاصل کروں لیکن میرے حالات اسکی اجازت نہیں دیتے، تاجر نے کہا میں مکمل خرچ دینے کو تیار ہوں آپ نجف اشرف تشریف لے جائیں۔

مسبب الاسباب پروردگار کی اس عنایت پر 5 سال قم میں رہنے کے بعد آپ نجف اشرف کی جانب روانہ ہوگئے۔ نجف اشرف میں مدرس قوام السلطنن شیرازی میں قیام فرمایا، آیت اللہ العظمیٰ سید عبدالهادی شیرازیؒ اور استاد الفقہا آیت اللہ العظمیٰ سید ابوالقاسم خوئیؒ کے درس میں شرکت کی، جب آپ پہلی بار آیت اللہ خوئیؒ کے درس میں پہنچے تو وہاں جاری بحث میں شریک ہوئے آپکی سوالات و جوابات سن کر آقای خوئیؒ کافی متاثر ہوئے دوسرے دن ایک طالب علم سے پوچھا یہ صاحب کون ہیں؟ تو انھوں نے بتایا یہ تبریز کے رہنے والے آقای جواد ہیں جو قم سے تشریف لائے ہیں۔ تو آقای خوئی نے فرمایا انکا مستقبل روشن ہے۔ اسی طرح جب آیت اللہ مشکینیؒ نے آقای خوئی سے آپکے بارے میں سوال کیا تو فرمایا وہ فاضل اور مجتہد مطلق ہیں

آیت اللہ العظمیٰ سید خوئیؒ نے آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ کی علمی استعداد کو دیکھتے ہوئے اپنی مجلس استفتات (شرعی احکام کا جواب دینے والی کمیٹی) میں شامل کیا۔

آیت اللہ العظمیٰ سید محسن الحکیمؒ کے انتقال کے بعد آقای جواد تبریزیؒ نے نجف اشرف میں درس خارج کی تدریس کا آغاز کیا۔ جب اسکی اطلاع آیت اللہ العظمیٰ خوئیؒ کو ملی تو مسرور ہوئے اور مبارک باد دی۔ لیکن افسوس صدام ملعون نے آپ کو عراق سے نکلنے پر مجبور کیا تو آپ قم تشریف لے آئے، آپ کے نجف اشرف سے چلے جانے سے آیت اللہ العظمیٰ خوئیؒ رنجیدہ خاطر ہوئے۔

قم مقدس آنے کے بعد آپ نے یہاں درس و تدریس کا آغاز کیا، نام و نمود سے ہمیشہ دور رہے، شاگردوں کے لئے ایک شفیق باپ کی حیثیت رکھتے ان کے دکھ درد کا خیال رکھتے، شرعی رقومات کا استعمال حسب ضرورت ہی کرتے، متعدد بار توضیح المسائل کا مطالبہ ہوا لیکن آپ نظر انداز کردیتے جب آیت اللہ العظمیٰ اراکیؒ کا انتقال ہوا تو جامعہ مدرسین حوزہ علمیہ قم نے مراجع تقلید کا اعلان کیا جس میں آپ کا بھی نام شامل تھا۔ تو لوگوں کے اصرار پر مرجعیت قبول فرمائی اور توضیح المسائل پیش کی۔

آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ جہاں علمی لحاظ سے اعلی مرتبہ پر فائز تھے، درس و تدریس ہی آپ کی زندگی تھی جیسا کہ خود فرمایا چالیس برس ہوگئے نہیں جانتا تعطیل کسے کہتے ہیں۔ وہیں اہلبیت علیہم السلام سے توسل اور انکی عزاداری کا خاص اہتمام فرماتے ایام عزاداری کے علاوہ ہر جمعرات کو آپ کے یہاں مجلس عزا منعقد ہوتی جس میں آپ عام مومنین کی طرح ہی تشریف فرما ہوتے۔ منقول ہے کہ ایک دن آپ کے یہاں مجلس ہورہی تھی خطیب نے چاہا کہ آپ کی صحت و سلامتی کی دعا کرائیں جسے آپ نے فوراً منع کیا اور گریہ کرتے ہوئے فرمایا منبر سے امیر المومنین علیہ السلام کا ذکر کریں، حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی عظمت بیان کریں، امام حسن علیہ السلام، امام حسین علیہ السلام اور ائمہ معصومین علیہم السلام کا تذکرہ کریں کیوں کہ دشمنوں نے اسی منبر سے ان حضرات کی توہین کی ہے، میرا ذکر نہ کریں۔

آج پوری دنیا میں حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی جو عزاداری ہورہی ہے اور اس کو اہمیت دی جارہی ہے تو اس سنت حسنہ کے بانی اور محرک آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ ہیں۔ 3 جمادی الثانی یوم شہادت صدیقہ طاہرہ سلام اللہ علیہا آپ اپنے حسینیہ سے برہنہ پا حضرت فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا کے روضہ مبارک تک تشریف لے جاتے تھے۔ موسم گرما کی شدت کے سبب حکومت نے سڑک پر پانی چھڑکوانا چاہا تو آپ نے یہ کہتے ہوئے منع کردیا کہ مدینہ میں شہزادی سلام اللہ علیہا نے جن مصائب کا سامنا کیا اس کے سامنے یہ کچھ بھی نہیں ہے۔



آیت اللہ العظمیٰ میرزا جواد تبریزیؒ نے جس طرح اہلبیت علیہم السلام کی محبت سے سرشار، عزاداری اور مجالس کو اہمیت دیتے تھے کہ ایک مرتبہ دوران درس ایک طالب علم نے سوال کیا تو آپ نے اسے جواب دیا لیکن اس نے پھر سوال کیا تو آپ نے جواب دیا جب کئی بار سوال و جواب ہوا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ اب کلاس بعد سوال کریں میں کلاس بعد جواب دوں گا تو اس نے کہا کہ استاد یہ مجلس عزا نہیں کہ صرف سنا جائے اور کوئی سوال نہ ہو۔ یہ سننا تھا کہ آپکے چہرے کا رنگ متغیر ہوگیا، فرمایا اے کاش یہ مجلس عزا ہوتی، مجلس عزا کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی باتیں نہ کیا کرو۔ اسی طرح آپ اہلبیت علیہم السلام کے سلسلہ میں شک و شبہات ایجاد کرنے والوں سے کبھی مروت نہیں فرماتے تھے اور اس کا منھ توڑ جواب دیتے۔

افسوس صد افسوس 28 شوال ۱۴۲۸ھ کو آپ نے رحلت فرمائی اور کریمہ اہلبیت حضرت فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا کے روضہ مبارک میں دفن ہوئے۔

غزہ پر مستقل قبضے کا اسرائیلی خواب

تحریر: سید رضا حسینی

غاصب صیہونی رژیم نے 2 مارچ 2025 کے دن یکطرفہ طور پر حماس سے جنگ معاہدہ ختم کردیا اور غزہ جانے والی بین الاقوامی انسانی امداد بھی روک دی۔ اس کے تقریباً دو ہفتے بعد دوبارہ سے غزہ پر وسیع بمباری کا سلسلہ شروع کردیا جبکہ صیہونی فوج جس نے جنگ بندی کے دوران پسماندگی اختیار کی تھی دوبارہ پیشقدمی کرنے لگی۔ برطانوی اخبار گارجین نے غزہ کے جن شہریوں سے انٹرویو لینے میں کامیاب رہا ان کا کہنا تھا کہ وہ فضائی بمباری سے زیادہ قحط اور غذائی قلت سے خوفزدہ ہیں۔ غزہ کے شمال میں واقع شہر بیت لاہیا کے 44 سالہ یونیورسٹی پروفیسر حکمت المصری نے کہا: "میں بارہا کھانے کی کمی کی وجہ سے اپنا حصہ بیٹے کو دینے پر مجبور ہوا ہوں۔ یہ بھوک مجھے مار دے گی اور یہ ایک مرحلہ وار موت ہے۔ "غزہ جانے والی انسانی امداد کو روک دینا حماس کے خلاف اسرائیل کا نیا ہتھیار ہے۔

اسرائیلی فوجی کمانڈرز نے پہلی بار غزہ میں کھانے پینے کی اشیا کی فراہمی کی ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لے لی ہے جو دراصل تل ابیب کی جانب سے اہل غزہ پر دباؤ ڈالنے کا ایک ہتھکنڈہ قرار دیا جارہا ہے۔ تل ابیب کو امید ہے کہ وہ غزہ کے فلسطینیوں کو جبری طور پر جلاوطن کرکے اس کے اکثر حصوں میں جلی ہوئی زمین کی حکمت عملی اختیار کرے گا اور یوں غزہ کی پٹی پر اپنا قبضہ مکمل کرلے گا۔ یہ منصوبہ بظاہر تو بہت دلکش دکھائی دیتا ہے لیکن حماس کے ملٹری ونگ شہید عزالدین قسام بٹالینز گوریلا جنگ میں اعلی درجہ مہارت رکھتی ہیں اور وہ غزہ میں صیہونی فوج کی لاجسٹک سپورٹ بند کردینے کی مکمل صلاحیت کی حامل ہیں۔ صیہونی فوج کی دوبارہ جارحیت شروع ہونے کے چند گھنٹے بعد بنجمن نیتن یاہو نے اعلان کیا کہ وہ غزہ کی صورتحال تبدیل کرنے جارہا ہے۔

جبری جلاوطنی

اخبار اکانومیسٹ کے بقول صیہونی حکمرانوں نے رفح کے شہریوں کو اپنا گھربار چھوڑ کر چلے جانے کا حکم دیا ہے اور اعلان کیا ہے کہ ان کا اصل مقصد غزہ کے جنوبی حصے کو مستقل طور پر خالی کروانا ہے۔ یاد رہے اس حصے میں غزہ کی آبادی کا 20 فیصد حصہ آباد ہے۔ اسی طرح کا منصوبہ غزہ کے شمالی حصے کے لیے بھی بنایا جارہا ہے۔ یہ منصوبہ درحقیقت غزہ میں مقیم 20 لاکھ فلسطینیوں کو جبری جلاوطن کرکے بحیرہ روم کے مشرقی کنارے منتقل کرنے پر مبنی ہے۔ فی الحال مقدماتی مرحلے کے طور پر اسرائیل غزہ کے مختلف شہروں اور دیہاتوں میں "نو گو ایریاز" بنانا چاہتا ہے تاکہ وہاں سے عام شہریوں کے انخلا کے بعد مجاہدین کے خلاف کھل کر فوجی کاروائی انجام دے سکے۔ اگلے مرحلے میں اسرائیل غزہ کے تمام فلسطینی شہریوں کو وہاں سے نکال کر دنیا کے دوسرے حصوں میں بھیج دینے کا ارادہ رکھتا ہے۔

بنیادی اہمیت کی حامل راہداریوں پر قبضہ

بعض اعلی سطحی اسرائیلی فوجی افسران کے بقول غزہ میں اسرائیل جو نئی راہداریاں بنارہا ہے ان کے فوجی اہداف کے علاوہ بھی کچھ اہداف ہیں۔ اسرائیل نے گذشتہ ایک ماہ سے غزہ کے شہریوں کے لیے جانے والی تمام بیرونی امداد بند کررکھی ہے اور اس بندش کی وضاحت پیش کرتے ہوئے اس نے یہ بہانہ پیش کیا ہے کہ اس امداد کا زیادہ تر حصہ حماس کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ صیہونی فوج نے اعلان کیا ہے کہ غزہ کے فلسطینی جیسے ہی یہ علاقہ چھوڑ کر اس کے مطلوبہ علاقے میں چلے جائیں گے تو فوجی راہداریوں کے ذریعے ان تک انسانی امداد کی فراہمی کا کام شروع کردیا جائے گا۔ یہ پالیسی اگرچہ بظاہر انسانی دکھائی دیتی ہے لیکن اس کا مقصد فلسطینیوں کو غزہ کی پٹی چھوڑ دینے پر مجبور کرنا ہے۔ اسی طرح اسرائیل اس طرح فلسطینی شہریوں اور حماس کے مجاہدین کے درمیان فاصلہ ڈالنا چاہتا ہے۔

نرم جنگ کا آغاز

صیہونی پالیسی ساز اس حقیقت سے بخوبی واقف ہوچکے ہیں کہ وہ میدان جنگ میں فلسطینی مجاہدین کو شکست نہیں دے سکتے لہٰذا اب انہوں نے نرم جنگ کے ہتھکنڈے بروئے کار لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہی ہتھکنڈوں میں سے ایک اقتصادی دباؤ اور دوسرا فلسطینی عوام کو مجاہدین سے دور کرنا ہے۔ اس سے پہلے یہ حکمت عملی فرانسیسی فوج انیسویں صدی کے وسط میں الجزائر میں آزما چکی ہے۔ 1840 کے عشرے میں شدید گرمی کے دوران فرانسیسی فوجیوں کا تجربہ غاصب صیہونی فوجیوں سے ملتا جلتا تھا اور انہیں الجزائر کے مجاہدین کے خلاف مکمل کامیابی حاصل نہیں ہورہی تھی۔ لہٰذا تھامس رابرٹ باگھود کی سربراہی میں فرانسیسی فوج نے وہاں کے بنیادی انفرااسٹرکچر کو تباہ کرنا شروع کردیا اور عوام کو ان کے دیہاتوں سے جبری جلاوطن کردیا۔ کچھ عرصے بعد عوام خود ہی مجاہد لیڈر عبدالقادر کے خلاف ہوگئے اور اس سے گھٹنے ٹیک دینے کا مطالبہ کرنے لگے۔

صیہونی منصوبے کو درپیش چیلنجز

صیہونی فوج حماس کے مجاہدین کے خلاف اپنی سرگرمیوں میں تیزی لانا چاہتے ہیں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ انہوں نے جو فوجی راہداریاں بنائی ہیں جو حماس مجاہدین کے حملوں کی زد میں ہیں۔ یوں القسام بٹالینز ان کی رصد میں رکاوٹ ڈال سکتے ہیں۔ دوسری طرف مظلوم فلسطینیوں پر صیہونی ظلم و ستم کا فائدہ حماس کو ہورہا ہے۔ وہ یوں کہ فلسطینی شہریوں کی عزت نفس مجروح ہورہی ہے اور وہ اس بات کے قائل ہورہے ہیں کہ صیہونی رژیم سے مقابلے کا واحد راستہ مسلح جدوجہد ہے لہٰذا حماس کے مجاہدین میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ مزید برآں، غزہ سے فلسطینیوں کا انخلا بھی غیر یقینی صورتحال کا شکار ہے۔ مصر اور اردن اس منصوبے میں اسرائیل کا ساتھ نہیں دے رہے جبکہ مصر حکومت نے چین سے جنگی طیارے اور اسلحہ خرید کر صحرائے سینا میں فوج تعینات کرنا شروع کردی ہے جس کا مقصد فلسطینیوں کی جبری جلاوطنی کو روکنا ہے۔

☆☆☆

یمن کی مسلح افواج کی رپورٹ کے مطابق یمنی افواج نے حالیہ ہفتوں میں 200 ملین ڈالر سے زیادہ مالیت کے سات امریکی ڈرونز مار گرائے ہیں۔ صرف پچھلے ایک ہفتے کے اندر تین امریکی ڈرونز گرائے گئے ہیں جس سے یمنیوں کی امریکی طیاروں کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں بہتری کی نشاندہی ہوتی ہے۔ یمن کے ہاتھوں گرائے جانے والے ایک امریکی ڈرون کی قیمت تقریباً 30 ملین ڈالر ہے۔

سندھ کا پانی روکنے کی کسی بھی کوشش کا پوری قوت سے جواب دیا جائے گا: شہباز شریف



اسلام آباد۔ 26 اپریل (ایجنسی) پاکستان نے پیشکش کی کہ وہ پہلگام دہشت گرد حملہ کی کسی بھی غیر جانبدارانہ اور صاف و شفاف تحقیقات میں حصہ لینے کے لیے تیار ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخواہ کے کاکول میں پاکستان ملٹری اکیڈیمی کی آرمی کیڈٹس پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام کا حالیہ المیہ، الزام تراشی کے کھیل کی ایک اور مثال ہے، جو پوری طرح رک جانا چاہیے۔ ذمہ دار ملک کی جانب سے اپنا رول جاری رکھتے ہوئے پاکستان کسی بھی غیر جانبدارانہ، صاف و شفاف اور مستند تحقیقات میں حصہ لینے کے لیے تیار ہے۔ ہندوستان کی طرف سے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی پر شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کا پانی روکنے، گھٹانے یا اس کا رخ موڑنے کی کسی بھی کوشش کا پوری قوت سے جواب دیا جائے گا۔ انھوں نے خبردار کیا کہ ہندوستان نے پاکستان کے حصہ کا پانی روکا تو سارے آپشن استعمال کیے جائیں گے۔ پانی ہماری شہ رگ ہے اور اہم قومی مفاد ہے۔ اس کی دستیابی کی بہر قیمت حفاظت کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ مادر وطن کی ایک ایک انچ زمین کی حفاظت کے لیے ساری قوم پاکستان کی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہماری بہادر فوج ملک کے اقتدارِ اعلی اور اس کی علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ امن ہماری ترجیح ہے، لیکن اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہم اپنے وقار اور ملک کی سلامتی پر سمجھوتہ کبھی بھی نہیں کرتے۔ پاکستان نے دہشت گردی کی تمام اشکال کی ہمیشہ مذمت کی ہے۔ ہم نے 90 ہزار جانوں کی قربانی دی ہے اور 600 بلین امریکی ڈالر کا نقصان اٹھایا ہے۔ وزیر اعظم نے افسوس ظاہر کیا کہ ہندوستان نے قابل بھروسہ تحقیقات یا ثبوت کے بغیر پاکستان پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات عائد کرنا جاری رکھا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا۔ عالمی سطح پر مسلمہ یہ تنازعہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود ابھی تک حل نہیں ہوا۔ پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی اس وقت تک تائید جاری رکھے گا تا آنکہ وہ اپنی عظیم جدوجہد اور قربانیوں کے ذریعہ اپنے حقوق حاصل نہ کرلیں۔

پاکستان نے ہندوستان کیخلاف پروپیگنڈہ پھیلانے میں غیر ملکی میڈیا کا سہارا لیا

اسلام آباد، 26 اپریل (ایجنسی)۔ جموں و کشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد الزامات میں گھرے پاکستان غیر ملکی میڈیا کی پناہ میں پہنچا ہے۔ اس بہانے وہ اپنی پرانی عادت کے مطابق بھارت کے خلاف راگ الاپ رہا ہے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ملک کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارت پر کئی الزامات عائد کیے ہیں اور پہلگام حملے کی بین الاقوامی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ خواجہ کے اس انٹرویو پر ڈان اخبار کی رپورٹ میں تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ 22 اپریل کو پہلگام میں ہونے والے حملے میں 26 لوگ مارے گئے تھے۔ ان میں زیادہ تر سیاح تھے۔ سال 2000 کے بعد سے یہ سب سے مہلک مسلح حملہ ہے۔ دی ریزسٹنس فرنٹ (ٹی آر ایف) نے مبینہ طور پر اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ حملے کے بعد دونوں ممالک نے ایک دوسرے کے خلاف متعدد کارروائیاں کی ہیں۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ پاکستان نے شملہ معاہدہ معطل کرتے ہوئے بھارتی پروازوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کردی ہیں۔ آصف نے جمعہ کو نیویارک ٹائمز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا کہ پاکستان بین الاقوامی مبصرین کی کسی بھی تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ پہلگام کے واقعے نے بھارت کو سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا بہانہ فراہم کردیا ہے۔ آصف نے کہا کہ پاکستان نہیں چاہتا کہ آبی جنگ چھڑ جائے۔ آصف نے واضح کیا کہ کالعدم تنظیم لشکر طیبہ غیر فعال ہوچکی ہے۔ اس کے پاس پاکستان سے حملوں کی منصوبہ بندی یا کارروائی کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ لشکر کے کچھ لوگوں کو گھروں میں نظر بند کردیا گیا ہے اور کچھ کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ آصف نے انٹرویو میں دنیا کو بتانے کی کوشش کی ہے کہ یہ حملہ بھارتی حکومت نے کیا تھا۔ بھارت گزشتہ ایک دہائی سے اس معاہدے سے نکلنے کی کوشش کررہا ہے۔

پاکستان میں سندھ پر نہر منصوبے کی مخالفت، حکومت تحریک سے خوفزدہ

کراچی، 26 اپریل (ایجنسی)۔ پاکستان کا صوبہ سندھ دریائے سندھ پر نہروں کا جال بنانے کے وفاقی حکومت کے منصوبے پر ناراض ہے۔ دارالحکومت کراچی سے لے کر گاؤں اور شہروں تک لوگوں نے بغاوت کا جھنڈا اٹھا رکھا ہے۔ بحیرہ عرب کے ساحل پر واقع کراچی میں بدامنی کے شعلے بلند ہورہے ہیں۔ نہر کے مظاہرین کے احتجاج ختم کرنے سے انکار کی وجہ سے تقریباً 15000 مال بردار گاڑیاں درمیان میں پھنسی ہوئی ہیں۔ ڈان اخبار کے مطابق نہر کے مظاہرین کو وفاقی حکومت کی یقین دہانیوں پر اعتماد نہیں ہے۔ انہوں نے احتجاج ختم کرنے سے انکار کردیا ہے۔ حالانکہ احتجاج کے خوف سے وفاقی حکومت نے دریائے سندھ پر متنازعہ نہر منصوبے کو روکنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے جمعہ کو کہا کہ اس احتجاج سے ملک کی سپلائی چین میں شدید خلل پڑا ہے۔ ٹرانسپورٹ گڈز ایسوسی ایشن کے صدر طارق گجر نے بتایا کہ سڑکوں پر بندش کی وجہ سے سکھر لاڑکانہ ڈویژن اور بہاولپور کے گرد 15 ہزار سے زائد ٹرالر، کنٹینرز، ٹرک اور آئل ٹینکرز پھنسے ہوئے ہیں۔

ایران، امریکہ بالواسطہ مذاکرات کا تیسرا دور ختم

عمان۔ 26 اپریل (مہر خبررساں ایجنسی رصدائے حسینی) ایران اور امریکہ کے درمیان بالواسطہ مذاکرات کا تیسرا دور عمان کی ثالثی میں اختتام پذیر ہوا۔ ایران اور امریکہ کے بالواسطہ مذاکرات کے تیسرے دور میں دونوں ملکوں کے تکنیکی ماہرین بھی شامل تھے، ایران کی جانب سے نائب وزرائے خارجہ مجید تخت روانچی اور کاظم غریب آبادی جب کہ امریکہ کی جانب سے محکمہ خارجہ کے دفتر برائے پالیسی پلاننگ کے ڈائریکٹر مائیکل اینٹن موجود تھے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مسقط میں ایران اور امریکہ کے درمیان بالواسطہ مذاکرات کے تیسرے دور کے آغاز سے قبل اپنے عمانی ہم منصب ایک دوسرے سے ملاقات کی۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ مذاکرات سنجیدہ ماحول میں ہوئے۔ انہوں نے بعض مغربی ذرائع ابلاغ کے دعووں کو مسترد کرتے ہوئے زور دے کر کہا: "ملک کی دفاعی اور میزائل صلاحیتوں کا مسئلہ امریکہ کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات میں زیر بحث نہیں آیا۔"

کولمبیا یونیورسٹی کے طالب علم اور فلسطینی حامی خلیل کو بغیر وارنٹ حراست میں لیے جانے کا انکشاف

واشنگٹن، 26 اپریل (ایجنسی)۔ فلسطین حامی اور کولمبیا یونیورسٹی کے گریجویٹ طالب علم محمود خلیل کو گزشتہ ماہ بغیر وارنٹ گرفتاری کے حراست میں لیا گیا تھا۔ شامی نژاد اور گرین کارڈ ہولڈر خلیل کو 8 مارچ کو رمضان المبارک کے دوران افطار سے واپسی کے بعد گرفتار کیا گیا تھا۔ این بی سی نیوز چینل کے مطابق جمعرات کو جاری ہونے والی عدالتی دستاویزات میں اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ خلیل کو بغیر وارنٹ گرفتاری کے حراست میں لیا گیا تھا۔ عدالتی دستاویزات میں، محکمہ ہوم لینڈ سیکورٹی کے وکلاء نے کہا کہ امیگریشن افسران کے پاس "بغیر وارنٹ گرفتاری کے لیے ضروری حالات تھے۔" "یہ خدشہ تھا کہ وہ تعاون نہیں کرے گا اور بھاگنے کا ارادہ کررہا تھا۔ وفاقی امیگریشن حکام نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ اس کے فرار ہونے کا خدشہ ہے۔ اس لیے گرفتاری ضروری تھی۔ چینل کے مطابق، گرفتاری کی ویڈیو فوٹیج میں دکھایا گیا ہے کہ خلیل تعاون کرتے ہوئے اور افسران سے کہتے ہوئے دیکھا جارہا ہے، "ہاں، میں آپ کے ساتھ جانے کے لیے تیار ہوں۔" خلیل اس وقت لوزیانا میں ایک امیگریشن حراستی مرکز میں زیر حراست ہے۔ خلیل کی اہلیہ نور عبداللہ نے حال ہی میں اپنے پہلے بچے کو جنم دیا ہے۔ خلیل کے وکلاء کا کہنا ہے کہ ان کے مؤکل کے اپارٹمنٹ کی عمارت میں داخل ہونے کے لیے وارنٹ کی ضرورت تھی۔ خلیل کی قانونی ٹیم کیس کو خارج کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ ٹیم کا دعویٰ ہے کہ اس نے اپنی گرفتاری کے دوران حکام کے ساتھ تعاون کیا اور یہ ثابت کرنے کے لیے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا کہ اس کے فرار ہونے کا خدشہ تھا۔ محکمہ ہوم لینڈ سیکورٹی کی اسسٹنٹ سکریٹری ٹریسیا میک لاگھلن نے جمعہ کو ایک ای میل بیان میں کہا، "خلیل نے فرار ہونے کی کوشش کی، لہٰذا اسے گرفتار کرلیا گیا"۔ اس کے یہاں جاتے وقت انتظامی گرفتاری کے وارنٹ پر عمل درآمد کیا گیا تھا۔ کولمبیا یونیورسٹی نے اس معاملے پر کسی بھی طرح کا تبصرہ کرنے سے انکار کردیا ہے۔ دوسری جانب، ٹرمپ انتظامیہ نے خلیل کو 8 مارچ کو نیویارک سٹی میں گرفتاری کے بعد سے امریکہ سے ملک بدر کرنے کے لیے دو بنیادیں پیش کی ہیں۔ انتظامیہ نے امیگریشن قانون میں ایک ایسی شق کا حوالہ دیا جو وزیر خارجہ کو کسی فرد کو ملک بدر کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ دوسری بنیاد کو 23 مارچ کو عام کیا گیا۔ اس میں الزام لگایا گیا ہے کہ خلیل نے بعض تنظیموں میں اپنی رکنیت کے بارے میں معلومات کو چھپایا اور اپنی مستقل رہائش کی درخواست میں بیروت میں برطانوی سفارت خانے میں شام کے دفتر میں اپنی ملازمت ظاہر کرنے میں ناکام رہا۔

جولانی ترکی کے ذریعے تل ابیب کیساتھ تعلقات معمول پر لانے کی کوشش میں

دمشق۔ 26 اپریل (مہر خبررساں ایجنسی رصدائے حسینی) شام کی لبرل پارٹی کے سربراہ بسام القوتلی نے جولانی رژیم کی اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کی کوششوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ شام پر قابض تکفیری گروہ تحریر الشام کے سرغنہ الجولانی اپنے ناجائز اقتدار کو بین الاقوامی جواز فراہم کرنے کے لئے اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کی کوشش کررہے ہیں۔ شامی رہنما نے مزید کہا کہ الجولانی رژیم خطے میں امریکی مفادات کے حصول کے لئے مقامی مہرے کے طور پر کردار ادا کرنے کے لئے بھی تگ و دو کررہی ہے۔ القوتلی نے کہا کہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کا عمل ممکنہ طور پر امریکہ کے بجائے ترکی کے ذریعے انجام پائے گا! انہوں نے کہا کہ گولان کی پہاڑیوں سے اسرائیل کی عقب نشینی کا امکان نہیں ہے اور گولان پر حتمی مذاکرات بعد کے مراحل تک ملتوی کیے جائیں گے۔

مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے پاکستان میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور کاروباری مراکز بند

کراچی۔ 26 اپریل (ایجنسی) پاکستانی میڈیا کے مطابق فلسطین بالخصوص اہل غزہ سے اظہار یکجہتی کیلئے جماعت اسلامی اور تاجر تنظیموں کی ہڑتال کی کال پر ملک کے بیشتر شہروں میں کاروباری مراکز بند ہیں۔ راولپنڈی کے راجہ بازار، مری روڈ، صدر اور کمرشل مارکیٹ میں دکانیں بند ہیں جبکہ سڑکوں پر ٹریفک بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ڈرگسٹ اینڈ کیمسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے بھی ہڑتال کی گئی ہے جس کے باعث بیشتر بازاروں میں میڈیکل اسٹور بند ہیں۔ پاکپتن اور گردونواح میں بھی تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز بند ہیں۔ مری میں اہل غزہ سے یکجہتی کے لیے مکمل شٹر ڈاون ہڑتال ہے - پشاور اور کوئٹہ میں بھی فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ہڑتال ہے جس کے نتیجے میں شہر میں تمام اہم بازار اور کاروباری مراکز بند ہیں۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال ہے۔ پاکستان کے دیگر شہروں کی طرح کراچی میں بھی فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے شٹر ڈاؤن ہڑتال ہے جس کے تحت تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز اور دکانیں بند جبکہ سڑکوں پر ٹریفک بھی معمول سے کم ہے۔ کورنگی راسنگ روڈ پر سیاسی جماعت کی جانب سے فلسطین کے حق میں دھرنا دیا جارہا ہے جس کے باعث روڈ ٹریفک کے لیے بند ہے جبکہ مظاہرین کی جانب سے سڑکوں کو ٹائر جلا کر ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے کہ پاکستانی قوم فلسطینیوں کی نسل کشی برداشت نہیں کرسکتی اور قوم کو فلسطینیوں سے اظہار محبت اور اسرائیل امریکا کی مذمت کرنا چاہئے۔ واضح رہے کہ پاکستانی میڈیا کے مطابق فلسطین بالخصوص اہل غزہ سے اظہار یکجہتی کیلئے جماعت اسلامی اور تاجر تنظیموں کی ہڑتال کی کال پر ملک کے بیشتر شہروں میں کاروباری مراکز بند ہیں۔ راولپنڈی کے راجہ بازار، مری روڈ، صدر اور کمرشل مارکیٹ میں دکانیں بند ہیں۔

محبوب فنکشن ہال مصری گنج میں آج عازمین حج کا 16 واں و آخری مرکزی تربیتی اجتماع

حیدر آباد 26 اپریل (پریس نوٹ) تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے زیر اہتمام اور چشتی فاونڈیشن حیدر آباد کے اشتراک سے عازمین حج کا آخری مرکزی تربیتی اجتماع آج 27 اپریل کو 9 بجے صبح تا نماز ظہر محبوب فنکشن ہال مصری گنج میں منعقد ہوگا۔ مولانا سید شاہ غلام افضل خسرو بیابانی سجادہ نشین بارگاہ قاضی پیٹ وصدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی صدارت کریں گے جبکہ مولانا خواجہ شجاع الدین افتخاری حقانی پاشاہ صدر چشتی فاونڈیشن حیدر آباد نگرانی کریں گے۔ مولانا سید محمد علی قادری الہاشمی مشاد پاشاہ صدر مرکزی مجلس قادریہ، مولانا مفتی محمد انوار احمد قادری نائب شیخ التفسیر جامعہ نظامیہ، مولانا عرفان اللہ شاہ نوری صدر مرکزی انجمن سیف الاسلام، مولانا ڈاکٹر سید خلیل اللہ اویس بخاری ڈائرکٹر ابوالفدا اسلامک ریسرچ سنٹر، ڈاکٹر شعیب احمد خان نیفرو لوجسٹ اور دیگر کے مختلف موضوعات پر خطابات ہونگے۔ حج کے 5 اہم دن سے متعلق خصوصی خطاب اور عازمین تربیت کی جائیگی۔ مفتی صاحب عازمین کے سوالات کے جوابات دیں گے۔ احرام باندھنے کا طریقہ اور دیگر امور کے بارے میں نشاندہی و تربیت کی جائے گی۔ جناب سجاد علی اگزیکٹیو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی اور جناب عرفان شریف اسٹنٹ اگزیکٹیو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی انتظامی امور کے بارے میں اظہار خیال کریں گے۔ جناب سید احمد پاشاہ قادری معتمد عمومی مجلس و سابق رکن اسمبلی، جناب محمد مبین رکن اسمبلی بہادر پورہ، مہمان ہوں گے۔ قاری محمد محی الدین افتخاری واصل پاشاہ کی قرآت کلام پاک سے اس تربیتی اجتماع کا آغاز ہوگا۔ جناب محمد شفیع قادری، جناب مرزا عارف اللہ بیگ قادری نعت شریف پیش کریں گے۔ جناب ایم اے مقتدر بابا کارپوریٹر جہاں نماء و کنوینر تربیتی اجتماع نے عازمین حج سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ساتھ چھوٹے بچوں کو نہ لائیں۔ اور اپنے ساتھ نوٹ بک اور پن ساتھ لائیں تا کہ اہم نکات نوٹ کرسکیں۔ تربیتی اجتماعات و حج سے متعلق مزید اہم تفصیلات کیلئے تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ٹیلی گرام چینل میں شامل ہوجائیں تا کہ حج کے متعلق اطلاعات جلد سے جلد حاصل ہوسکیں۔

سنگاریڈی ضلع میں مزارات کو نقصان
جمعیۃ علما کا احتجاجی میمورنڈم، ایس پی کا تعمیر نو کا وعدہ

حیدر آباد۔ 26 / اپریل (سفیر نیوز / صدائے حسینی) چند روز قبل اسلام پور، جنارام منڈل، ضلع سنگاریڈی میں شرپسند عناصر نے درگاہ حضرت غریب شاہ ولی اور ان کے خلیفہ حضرت مدھار ولی شاہ ولی کے مزاراتِ مقدسہ کو نقصان پہنچایا اور شہید کر دیا تھا، جس پر مسلمانوں میں شدید رنج و غم کی لہر دوڑ گئی۔ ریاستی صدر جمعی علما تلنگانہ، محترم حضرت مولانا حافظ پیر شبیر احمد صاحب مدظلہ کی ہدایت پر، جمعی علما ضلع سنگاریڈی کے ایک وفد نے ضلع کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) سے ملاقات کی اور انہیں ایک باضابطہ میمورنڈم پیش کیا۔ ایس پی صاحب نے وفد کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ دونوں بزرگانِ دین کے مزارات کی از سر نو تعمیر جلد از جلد کرائیں گے، اور اس معاملے میں شرپسندوں کے خلاف سخت کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ اس وفد میں جمعی علما ضلع سنگاریڈی کے صدر مفتی اسلم سلطان قاسمی صاحب، جناب کلیانی ذکی الدین صاحب، امیر حمزہ منصور علی صاحب سمیت دیگر کل جماعتی ذمہ داران شریک تھے۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ نہ صرف مزارات کی فوری تعمیر کی جائے بلکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت حفاظتی اقدامات بھی کیے جائیں تا کہ مذہبی مقامات کا تقدس محفوظ رہے۔

تلنگانہ اقلیتی اقامتی جونیئر کالج گرلز انٹرمیڈیٹ کے شاندار نتائج پر رکن اسمبلی کے مانک راو کی تہنیت

ظہیر آباد۔/ 26 اپریل (سفیر نیوز) اقلیتی اقامتی جونیئر کالج الگول گرلز کے جاریہ سال 2024.2025 انٹرمیڈیٹ کے طالبات نے امتحانی نتائج میں شاندار کامیابی درج کی جاریہ سال اول کی بی پی سی طالبہ تزکیہ فائزہ نے بشمول 440 میں سے 436 شاندار نمبرات

حاصل کرتے ہوئے ریاستی سطح پر دوسرا مقام حاصل کیا اسی طرح ثمن شگفتہ نے 440 میں 425 اور ماہین فاطمہ نے 440 میں سے 418 اور آمینہ صباحت نے 1000/988. سونالی نے 1000/987 نمبرات حاصل کر کے شاندار کامیابی حاصل کی پرنسپل روبینہ بیگم نے تمام طالبات اور اساتذہ والدین کو مبارکباد پیش کی اور طلبا کے بہتر مستقبل کیلئے اولیا اپنے بچوں کو جماعت پنجم سے اپنے بچوں کا داخلہ اسی طرح انٹرمیڈیٹ ایم پی سی اور بی پی سی میں داخلہ کرواسکتے ہے رکن اسمبلی کے مانک راو نے ٹمریز کی طلبا کو شاندار نتائج پر ایم ایل آئے کیمپ آفیس میں تہنیت پیش کی اور نیک تمناں کا اظہار کیا اور کہا کہ ٹمریز اسکول اور کالج کی طلبا نے ہر سال کی طرح اس سال بھی شاندار نتائج حاصل کئے ہے جو ظہیر آباد ریاست تلنگانہ کیلئے باز فخر کی بات ہے اس مواقع پر سابق صدر ٹان بی آر ایس پارٹی سید محی الدین پرنسپل روبینہ بیگم علی علیم بی آر ایس پارٹی زبیر آحمد ظفر آحمد نارئن موہن نامہ روی کرن سابق کونسلر ویگر موجود تھے۔

’’آج کے اس پر آشوب و پر خطر دور کے حالات کی حقیقی عکاسی کرنے والے صحافیوں کی خدمات کا اعتراف وقت کا تقاضہ‘ اس تناظر میں‘ فری لانس جرنلسٹ اینڈ رائٹرس اسوسی ایشن حیدر آباد کی سالانہ تقریب عید ملاپ و مشاعرہ کے موقع پر سینئر صحافی میر حیدر علی کو انکی صحافتی خدمات کے اعتراف میں تہنیت پیش کرتے ہوئے شال پوشی کی گئی۔۔اس موقع پر پروفیسر ایس اے شکور ڈائرکٹر دائرۃ المعارف جامعہ عثمانیہ‘ کبیر صدیقی صدر عالمی اردو فاونڈیشن دہلی‘ ضیاء قادری اجمیری پرنٹر پبلیشر روزنامہ راشٹریہ سہارا‘ ایس کے افضل الدین کانگریس قائد‘ یوسف بابو صدر تلنگانہ اسمال اینڈ میڈیم نیوز پیپرس میگزین اسوسی ایشن‘ ضیاء الدین نیر‘ جناب احمد مکیش کے علاوہ دیگر معززین ‘صحافی برادری و شعراء حضرات کی کثیر تعداد موجود تھی۔

اوپن یونیورسٹی میں کنٹریکٹ اساتذہ کی غیر معینہ مدت کی ہڑتال جاری
فیکلٹی ٹیچنگ ایسوسی ایشن کی حمایت

حیدر آباد۔/ 26 اپریل) سفیر نیوز / صدائے حسینی (امبیڈکر اوپن یونیورسٹی فیکلٹی ٹیچنگ ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ یونیورسٹیز میں کام کرنے والے کنٹریکٹ اسسٹنٹ پروفیسروں کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے۔ ریاستی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی اپیل پر

کنٹریکٹ اسسٹنٹ پروفیسروں کی جانب سے مستقلی کے مطالبے کے لیے شروع کی گئی غیر معینہ مدت کی ہڑتال ہفتہ کے روز چھٹے دن میں داخل ہوگئی۔ احتجاجی اساتذہ نے یونیورسٹی کے احاطے میں امبیڈکر کے مجسمے کے پاس مظاہرہ کیا۔ امبیڈکر اوپن یونیورسٹی فیکلٹی ٹیچنگ ایسوسی ایشن کے نمائندوں، پروفیسر پی وینکٹا رمنا، پروفیسر بی سرینواس، پروفیسر جی دیاکر، پروفیسر رویندر ناتھ سولومن، پروفیسر چندرکلا اور پروفیسر کشور کمار ریڈی نے حکومت سے اپیل کی کہ وہ کنٹریکٹ اساتذہ کے جائز مطالبات کو فوری طور پر حل کرے۔ امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کنٹریکٹ اسسٹنٹ پروفیسروں کی ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر کے اویناش، جنرل سکریٹری ڈاکٹر ایم کشور، مشیر ڈاکٹر کے یادگیری، ڈاکٹر کاسم وجے، نائب صدر کے اوما دیوی، جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر پی رادھا کرشنا، خازن ڈاکٹر وائی کمار اور کنٹریکٹ اساتذہ ڈی کوٹیشورارا، ڈاکٹر پاڈالا لکشمن، ڈاکٹر سنیل کمار، ڈاکٹر وجیا اشاشری، ڈی سری وینی، ڈاکٹر ارونا سدھانتی، ڈاکٹر کورومیتی دیاکر، نرسیا بھٹو اور دیگر نے اس احتجاج میں شرکت کی۔

پینچ ٹائیگر ریزرو سے شیرنی کی لاش برآمد

سیونی، 26 اپریل (ہ س)۔ مدھیہ پردیش کے سیونی میں پینچ ٹائیگر ریزرو کے روکھڑ رینج میں ہفتہ کی صبح ایک گشتی ٹیم کو شیرنی کی لاش ملی۔ اس کے بعد محکمہ کے افسران کی موجودگی میں ا?خری رسوم ادا کی گئیں۔ پوسٹ مارٹم کے دوران شیرنی کے چاروں پنجے اور تین کینائن دانت غائب تھے۔ پینچ پارک انتظامیہ نے اس معاملے کی جانچ شروع کردی ہے۔ پینچ ٹائیگر ریزرو کے ڈپٹی ڈائریکٹر رجنیش سنگھ نے بتایا کہ ہفتہ کی صبح پارک کے بفر زون کے روکھڑ زون میں گشتی ٹیم کو مسورنالا نامی نالے میں کسی جانور کی لاش کی بدبو محسوس ہوئی۔ بدبو والی جگہ کی طرف جاکر دیکھا تو نالے کی ریت میں ایک شیر کی لاش دبی ہوئی نظرا?ئی۔ جسم کا تقریباً ایک تہائی حصہ ریت سے باہر تھا اور باقی دو تہائی ریت کے اندر تھا۔ ٹائیگر ریزرو کے فوٹو ڈیٹا بیس کے ساتھ مردہ شیر کی لاش کا ملان کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ ایک مادہ شیرنی تھی اور اس کی شناخت پہلی بار سال 2016 میں ایک بالغ شیرنی کے طور پر کیمرہ ٹریپ میں ہوئی تھی اور ہمارے ڈیٹا بیس میں اسے پی این 42 نمبر دیا گیا تھا۔ 2016 میں اس کی عمر تقریباً 2 سے 3 سال بتائی گئی تھی، جو اس وقت اس کی عمر 12 سال یا اس سے زیادہ ہوگی۔ شیرنی کی لاش کا معائنہ این ٹی سی اے ایس او پی کے مطابق سینئر وائلڈ لائف ویٹرنری ڈاکٹر اکھلیش مشرا کی قیادت میں ایک ٹیم نے کیا۔

بی آر ایس پارٹی کی سلور جوبلی تقاریب میں شرکت کرنے کی اپیل سید محی الدین سابق صدر ٹاون بی آر ایس

ظہیر آباد۔/ 26 اپریل) سفیر نیوز (ظہیر آباد سابق صدر ٹان بی آر ایس پارٹی جناب سید محی الدین نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس پارٹی کی جانب سے 27 اپریل کو ورنگل میں منعقد ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کی اپیل کی انہوں نے کہا کہ سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راو نے علحدہ ریاست کے قیام میں کلیدی رول ادا کیا عوامی خدمت اور ریاست تلنگانہ کی ہمہ جہتی ترقی میں بھی نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ جن کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی سربراہ و سابق وزیر اعلی کے چندر شیکھر راو کی قیادت میں ریاست نے کئی شعبوں میں قابلِ فخر ترقی حاصل کی ہے اقلتیوں اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے "رعیّتو بندھو اور "رعیّتو بیمہ جیسی انقلابی اسکیمات متعارف کروائی گئیں، مشن بھاگیرتا کے تحت ہر گھر تک پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ مشن کا کتیہ کے ذریعہ ریاست کے تالابوں اور آبی ذخائر کی بحالی کا عظیم کارنامہ انجام دیا گیا کے سی آر کابینہ میں مسلمان کو بہتر وزارت دی جبکہ دیڑھ سال کے وقفہ کے باوجود کانگریس حکومت میں ایک بھی مسلم کو وزیر نہیں بنایا گیا کو انہوں نے مزید کہا کہ بی آر ایس حکومت میں اقلیتی بہبود، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، برقی سربراہی، سڑکوں کی تعمیر اور دیگر اہم شعبہ جات میں تاریخی اقدامات کے ذریعہ عوامی اعتماد حاصل کیا۔ تمام کارکنان اور قائدین سے اپیل کی کہ وہ 27 اپریل کو چلو ورنگل کو کامیاب بنائیں۔

اے ایم یو کے 6 طلبہ کو عظیم پریم جی فاونڈیشن کی جانب سے ملازمت کی پیشکش

علی گڑھ، 26 اپریل (ہ س)۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (اے ایم یو) کی سوشل سائنس اور سائنس فیکلٹیوں کے 6 طلبہ کو عظیم معروف غیر منافع بخش سماجی تنظیم عظیم پریم جی فاونڈیشن میں ملازمت کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ مسٹر سعد حمید، ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ آفیسر، اے ایم یو نے بتایا کہ ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ آفس (جنرل) کی جانب سے منعقدہ کیمپس پلیسمنٹ مہم کے توسط سے ایسوسی ایٹ ریسورس پرسن کے عہدے کیلئے جن طلبہ کا انتخاب کیا گیا ان کے نام ہیں: علی عامر (ماسٹر آف سوشل ورک)، خدیجہ عفت (ایم اے، انگلش لینگویج ٹیچنگ)، ندیم پرویز خان (ایم ایس سی فزکس)، مدیحہ فاطمہ (ماسٹر آف سوشل ورک)، نبیہہ نظامی (ماسٹر آف سوشل ورک)، اور ابرار الحق ڈار (ایم اے سوشیالوجی)۔

تعلیم کے ساتھ اخلاق، کردار اور فرقہ وارانہ اتحاد رواداری ضرور
شاہین گروپ کے ٹاپرس کی تہنیتی تقریب، چیئرمین ڈاکٹر عبدالقدیر کا خطاب

حیدر آباد 26 اپریل سفیر نیوز / صدائے حسینی (اعلی تعلیم کے ساتھ اعلی اخلاق، بلند کردار، مذہبی رواداری ضروری ہے۔ فرقہ وارانہ اتحاد، بھائی چارگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس کے بغیر نہ تو کوئی قوم نہ ہی ملک ترقی کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر عبد القدیر، چیئرمین شاہین گروپ آف انسٹی ٹیوشنس نے کیا۔ جو شاہین گروپ کے مختلف کالجس کے انٹر سال اول اور دوم کے اسٹیٹ ٹاپرس کے اعزاز میں میڈیا پلس آڈی ٹوریم میں منعقدہ تہنیتی تقریب سے مخاطب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ شاہین ادارہ جات ہندو مسلم اتحاد کا مثالی مرکز ہیں جہاں سے انٹر میڈیٹ میں کامیاب ہونے والے اور گورنمنٹ میڈیکل کالجس میں میرٹ کی بنیاد پر نشستیں حاصل کرنے والے ہندو مسلم طلبا و طالبات کی تعداد مساوی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہیکہ حکومت کرناٹک نے ریاست کا سب سے باوقار ایوارڈ راجیوا تسوا ایوارڈ شاہین گروپ کو دیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر نے کہا کہ شاہین صرف تعلیمی ادارہ جات کے گروپ کا نام نہیں بلکہ یہ مٹتی ہوئی شائستہ تہذیب، نئی نسل کی حفاظت کے مشن کا نام ہے۔ نئی نسل موبائل کے اثرات کی وجہ سے تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے۔ بیشتر تعلیمی ادارے ایل کے جی سے میٹرک تک ایک غلط کلچر میں نئی نسل کو خلط ملط کر کے انکے مستقبل کو برباد کر رہے ہیں۔ شاہین نے اپنے کیمپس کو موبائل فری کیمپس بنایا ہے۔ ضلع بیدر کو ٹیوشن کی لعنت سے نجات دلائی جو تحریک بیدر سے 17 طلبہ کے ساتھ شروع ہوئی تھی آج ہندوستان کے گوشے گوشے میں پہنچ چکی ہیں۔ آج شاہین اداروں میں 35 ہزار طلبہ اور طالبات زیر تعلیم ہیں۔ تلنگانہ میں شاہین اداروں نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی۔ کریم نگر، نظام آباد کے برانچس کے طالبات اور طلبہ اسٹیٹ ٹاپرس میں شامل ہیں۔ حیدر آباد کے برانچس کی کارکردگی بھی شاندار رہی ہے۔ عنقریب سعودی دارالحکومت ریاض میں شاہین کے برانچ کا آغاز ہورہا ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر نے طلبہ کو تلقین کی کہ وہ رات دیر گئے تک جاگنے کی عادت ترک کریں فجر کے ساتھ اپنے دن کی شروعات کریں۔ مغربی تہذیب کی تقلید نہ کرے۔ انہوں نے حیدر آبادی عوام سے اپیل کی کہ شادیوں میں اسراف نہ کریں، سادگی اختیار کریں وہی پیسہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر خرچ کریں۔ انہوں نے بتایا کہ ایسے طلبا جو ڈراپ آٹ ہو جاتے ہیں وہ شاہین سے رجوع ہوں انہیں مفت تعلیم دی جائے گی۔ انہوں نے طلبا کو ہر قسم کے مسابقتی امتحانات کی شرکت کی تلقین کی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر نے اسٹیٹ ٹاپرس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ نشانات حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو تہنیت پیش کی اور ساتھ ہی جناب اعجاز کریم نگر، سردار ورنگل، عبدالملک نظام آباد کے علاوہ مختلف برانچس کے پرنسپلس کو بھی تہنیت پیش کی۔ جناب عبدالصمد ڈائرکٹر تلنگانہ نے شاہین گروپ کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ مفتی عبدالماجد نے نظامت کی فرائض انجام دی۔ مسٹر انیل پٹیل ڈائرکٹر آرام گھر برانچ نیبھیجطا بکیا۔

ممبئی میں آگ لگنے سے ایک ہلاک، 6 زخمی

ممبئی، 26 اپریل (ہ س)۔ ملک کے مالیاتی دارالحکومت ممبئی میں اندھیری ویسٹ کے لوکھنڈ والا علاقے میں اشوک اکیڈمی لین کے قریب واقع آٹھ منزلہ بروک لینڈ بلڈنگ میں ہفتہ کی رات 2.39 بجے زبردست آگ لگ گئی۔ اس واقعہ میں ایک 34 سالہ خاتون دم گھٹنے سے ہلاک ہوگئی۔ جبکہ 6 افراد زخمی ہوئے۔ ممبئی فائر ڈپارٹمنٹ کے مطابق آگ ایک گراونڈ پلس آٹھ منزلہ عمارت کی پہلی منزل پر واقع فلیٹ میں لگی۔ آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی پانچ گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں۔ فائر بریگیڈ کی ٹیم نے آگ پر قابو پانے کے لیے سخت محنت کی۔ آگ پہلی منزل تک محدود تھی۔

وقف ایکٹ کے تعلق سے مرکزی حکومت کا جواب آئین کے بنیادی اصول کے خلاف: مفتی محمد سعید الرحمٰن قاسمی

پٹنہ، 26 اپریل (ہ س)۔ وقف ترمیمی قانون کو چیلنج کرنے والی عرضیوں پر مرکزی حکومت نے سپریم کورٹ میں جو جواب داخل کیا وہ نہایت ہی غیر منصفانہ ہے، یہ جواب آئین و دستور کے بنیادی دفعات سے میل نہیں کھاتا، اس کے ذریعہ مرکزی حکومت عدالت عظمیٰ پر دباو بنانے کی کوشش کررہی ہے جو کہ آئینی حقوق کے خلاف ہے۔ یہ باتیں امارت شرعیہ بہار، اڈیشہ و جھارکھنڈ کے قائم مقام ناظم مولانا مفتی محمد سعید الرحمٰن قاسمی نے اخباری نمائندوں سے بات چیت میں کہیں ،انہوں کہا کہ مرکزی حکومت نیا اپنے حلف نامہ میں کہا کہ ’’ سپریم کورٹ کو صرف آئینی جواز کی جانچ کا اختیار ہے لیکن پارلیامنٹ کے ذریعہ پاس قوانین پر روک لگانے کا حق نہیں ہے‘‘، اس طرح کے ریمارک سے عدالت کا وقار و اعتبار مجروح ہوتا ہے، کیونکہ عدالت آئین کا محافظ ہے ،اگر کوئی قانون آئین کے بنیادی اصولوں کے خلاف وضع ہوتا ہے تو عدالت کو حق حاصل ہے کہ وہ قانون پر مرکز کو نظر ثانی کرنے یا اس کو بدلنے پر توجہ دلائے بصورت دیگر اسکو مسترد کر دے، نئے وقف ترمیمی ایکٹ کے کئی دفعات آئین ہند کے خلاف ہیں اس لئے عدالت کو اس کا اختیار ہے کہ وہ اس کو کالعدم قرار دے، مرکز نے وقف قانون میں برادران وطن کے شمولیت کی تجویز رکھی جب عدالت نے دریافت کیا کہ ہندوؤں کے مٹھوں اور سکھوں کے گورد واروں کے منیجمینٹ میں مسلمانوں کی نمائندگی کیوں نہ ہو تو اس کے جواب میں مرکز نیکہا کہ ہندو اداروں کے منجمیٹ سے موازنہ یا برابری کیا جانا بے بنیاد ہے، مرکز کا یہ کہنا نہایت ہی مضحکہ خیز استدلال ہے، ہر باشعور انسان حکومت کے اس نظریئے کو مذاق تصور کر رہا ہے کہ حکومت اس کے ذریعہ ملک کو طبقاتی کشمکش میں مبتلا کرنے اور ہندوؤں مسلمانوں کے درمیان نفرت و عداوت کو ہوا دینے کی کوشش کررہی ہے، اگر سکھوں، بدھسٹوں، ہندوؤں کے مٹھوں میں کسی دوسرے فرقہ کے لوگ رکن نہیں ہوسکتے ہیں تو کیا وقف کی جائدادوں کے تحفظ کیلئے ہندوں کے ناموں کو شامل کرنے سے فرقہ واریت کو طاقت نہیں ملے گی؟ قائم مقام ناظم صاحب نے مزید کہا کہ عدالت عظمیٰ کیکسی بھی استفسار کا مرکزی حکومت نے کوئی بھی معقول جواب نہیں دیا، بلکہ اس نے اپنے متنازعہ وقف قانون کو سپریم کورٹ کے ذریعہ توثیق کر دینے کا دباؤ بنانے کا حربہ استعمال کیا ہے، اسلئے ہمیں امید ہیکہ اس قانون کو چیلنج کرنیوالے اصحاب اور ان کی پیروی کرنے والے وکلاء پوری حکمت و دانائی کے ساتھ قانون کی بالا دستی کو قائم رکھنے کی وکالت کریں گے اور سپریم کورٹ سے گذارش کریں گے کہ حکومت کی طرف سے داخل کردہ حلف نامہ کو غیر آئینی قرار دے کر اسکو مسترد کر دیا۔

GOVERNMENT OF TELANGANA
OFFICE OF THE SPECIAL DEPUTY COLLECTOR,
LA, HAML, HYDERABAD
FORM–F
Notification by the Collector (LA), HAML
(See rule 7 (c))

File No.: C6/11/2025-LHS Dated: 26-04-2025

Where as the following notifications were issued and Gazettes were published for the Public purpose for Hyderabad Airport Metro Limited, Phase-II, from MGBS to Chandrayangutta, Corridor-VI, situated at Share-E- Hyderabad Village, Bahadurapura Mandal of Hyderabad District.

In response to the Said Notifications the following affected person (Property owners and others) have come forward to settle their claims through Negotiations. The details of the willing affected persons are as follows.

S.NO	NOTIFICATION NO. & DATE	GAZETTE NO. & DATE
1	No. C6/66/2024 – LHS (76 to 100)	HAML No.24 dated 16-11-2024

Name and address	Sketch No.	Premises No.	Extent in Sq.Yds
1	2	3	4
Sri. Mohd. Riyaz, S/o. Mohd Yousuf, R/o. 22-3-495/7, Mir alam mandi, Indra Nagar, Charminar, Hyderabad.TG-500023.	LHS-78	22-3-497	28.05

S.NO	NOTIFICATION NO. & DATE	GAZETTE NO. & DATE
1	C6/ 112 /2024 – LHS (176-200)	HAML No. 40, Date 07.12.2024

Name and address	Sketch No.	Premises No.	Extent in Sq.Yds
1	2	3	4
Sri Mohammed Khadeer Ahmed, S/o. Late Mohd Nazeer Ahmed, R/o. 23-1-923/1,Devda Kalyani Nawab, Moghalpura,VTC, Charminar, Hyderabad.500002.	LHS179/A 182/A	18-7-206/3	89.52
Smt. Syeda Faheem Sulthana, W/o. Dr. Rasheed Ahmed, R/o. 18-7-253/1,Amen Nagar A, Rangeli Khidki, Yakutpura, Charminar, Hyderabad.TG.500023.	LHS 180 181	18-7-206/1	68.00

It is hereby notified calling for claims and objections if any, to be filed before the District Collector, Hyderabad District/Special Deputy Collector, LA, HAML, Rasoolpura, Hyderabad within the Seven days of publication of this Notification.

Date: 26-04-2025

Sd/-
Special Deputy Collector, LA,
HAML, Rasoolpura, Hyderabad.

DIPR No.60/LA-PP/Advt/Agency/2025-26

جرائم و حادثات

چلتے ٹینکر میں آگ لگ گئی

حیدر آباد۔ 26 / اپریل (سفیر نیوز / صدائے حسینی) شہر حیدر آباد میں چلتے ٹینکر میں آگ لگ گئی تاہم اس واقعہ میں ڈرائیور اور کلینر کرشماتی طور پر محفوظ رہے۔ ہفتہ کی صبح حیات نگر اوا آر آر پر اس ٹینکر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ یہ ٹینکر فارماسٹی سے گھٹکیسر کی سمت جارہا تھا کہ اچانک ڈرائیور نے انجن سے شعلے نکلتے ہوئے دیکھے۔ صورتحال کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے ڈرائیور اور کلینر فوری طور پر گاڑی سے چھلانگ لگا کر باہر نکل گئے۔ اس واقعہ میں گاڑی کا اگلا حصہ مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی حیات نگر فائر اسٹیشن کا فائر بریگیڈ موقع پر پہنچا جس نے آگ پر قابو پایا۔ حکام کو شبہ ہے کہ آگ لگنے کی وجہ شارٹ سرکٹ ہوسکتی ہے۔

چرچ میں عبادت کے دوران لڑکی کی مشتبہ حالت میں موت

حیدر آباد۔ 26 / اپریل (سفیر نیوز / صدائے حسینی) آندھراپردیش کے وشاکھاپٹنم کے جنانا پورم کے ایک چرچ میں عبادت کے لئے آئی لڑکی کی مشتبہ حالت میں موت ہوگئی۔ متوفی لڑکی کی شناخت ضلع وجیانگرم سے تعلق رکھنے والی چندریکا کے طور پر کی گئی ہے۔ اس کے ارکان خاندان کا ماننا تھا کہ لڑکی پر آسیب کا سایہ ہے، جس کے لئے وہ اسے چرچ کے فادر کے پاس دعاں کے لئے لائے تھے۔ دوپہر کے وقت کھیلنے کے دوران لڑکی کے غیر معمولی رویہ پر چرچ کے چند افراد نے سوال کیا، جس پر ارکان خاندان نے صرف یہ کہا کہ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ دعاں کے دوران لڑکی کو فرش پر لٹا دیا گیا، جس پر چرچ میں موجود بعض لوگوں نے اعتراض کیا۔ جب انہیں روکنے کی کوشش کی گئی، تب بھی لڑکی کے ارکان خاندان نے کسی کو اس کے قریب جانے نہیں دیا۔ چرچ کا وقت مکمل ہونے کے بعد بھی خاندان والوں نے لڑکی کو وہاں سے لے جانے سے انکار کر دیا۔ شک ہونے پر چرچ کے نمائندوں نے پولیس کو اطلاع دی، جس کے بعد یہ معاملہ منظر عام پر آیا۔ پولیس نے لڑکی کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے کے جی ایچ اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

ریمانڈ کے قیدی کی دل کا دورہ پڑنے سے موت

حیدر آباد۔ 26 / اپریل (سفیر نیوز / صدائے حسینی) تلنگانہ کے کریم نگر ضلع جیل میں ریمانڈ کے قیدی کی دل کا دورہ پڑنے سے موت ہوگئی۔ اس کی شناخت شادل کے طور پر کی گئی ہے جس کا تعلق ضلع راجنا سرسلہ سے ہے اور وہ ایک ٹریکٹر چوری کے مقدمہ میں ریمانڈ پر تھا۔ سینہ میں درد کی شکایت کے بعد جیل حکام نے فوری طور پر اس کے ارکان خاندان کو اطلاع دیتے ہوئے اسے ضلع ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کیا تاہم علاج کے دوران اس کی موت ہوگئی۔

جہیز کیلئے جھگڑ

حیدر آباد۔ 26 / اپریل (سفیر نیوز / صدائے حسینی) تلنگانہ کے بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے ریگولہ تانڈا میں شوہر نے مبینہ طور پر جہیز کیلئے اپنی بیوی کو زہریلا کیمیکل پلایا اور بعد ازاں خود بھی پی لیا۔ خاتون کی شناخت دیپکا کے طور پر کی گئی ہے جس نے 6 ماہ قبل سرینو سے محبت کی شادی کی تھی۔ فی الحال دیپکا تین ماہ کی حاملہ تھی۔ اسکے ارکان خاندان کا کہنا ہے کہ شوہر اور سسرال والے کئی دنوں سے ان پر جہیز لانے کا دباڈال رہے تھے۔ اس مسئلہ پر اس کا شوہر سے جھگڑا ہوا۔ شام کو شوہر نے مشروب میں زہریلی دوا ملا کر بیوی کو پلائی، اور بعد میں خود بھی پی لی۔ دونوں کو فوری طور پر کھمم اسپتال منتقل کیا گیا جہاں علاج کے دوران دیپکا کی موت ہوگئی جبکہ سرینو کی حالت تشویشناک ہے۔ دیپکا کے والد کی شکایت پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے جانچ شروع کر دی۔

WITH BEST COMPLIMENTS



WITH BEST COMPLIMENTS



WITH BEST COMPLIMENTS

WITH BEST COMPLIMENTS

WITH BEST COMPLIMENTS

پہلگام میں سیاحوں پر دہشت گردانہ حملوں کیخلاف ٹی جے اے کا چارمینار کے دامن میں کینڈل مارچ

حیدرآباد۔/26اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ جرنلسٹس ایوسی ایشن (TJA) حیدرآباد ملحقہ نیشنل یونین آف جرنلسٹس) انڈیا (نئی دہلی کی جانب سے چارمینار کے دامن میں آج شام پہلگام کشمیر میں سیاحوں پر دہشت گردانہ حملوں کے خلاف کینڈل مارچ اور 5 منٹ کیلئے خاموشی مناتے ہوئے اس حملہ میں شہید ہونے والے سیاحوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس احتجاج میں حصہ لیتے ہوئے صحافیوں نے ہندوستان زندہ باد، پاکستان مردہ باد، دہشت گرد مردہ باد، ہندو مسلم بھائی بھائی اور ہم سب ایک ہیں کے نعرے لگائے اور مرکزی حکومت سے ان دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔یہ احتجاج اپلا لکشمن چیرمین اڈوائزری کمیٹی کی ہدایت اور ایم آر غوری جنزل سکریٹری ٹی جے اے کی قیادت میں کیا گیا۔اس احتجاج میں محمد خلیل احمد صاحب سکریٹری، حافظ ولی احمد، جعفر صدیقی، محمد فصیح الدین، اشرف صاحب، ویویک اننا فوٹو گرافر، میر محمد علی، باقر علی صدائے حسینی، سید اکرام اللہ حسینی آندھرا سبھا، امیر حسین حبیب، عظمت صاحب اور دیگر نے حصہ لیا۔

پداپلی میں ایرپورٹ کی تعمیر
ایرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے وفد کا دورہ

حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے پداپلی ضلع کے راما گنڈم علاقہ میں ایرپورٹ کی تعمیر کے سلسلہ میں ایرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا) اے اے آئی (کے نمائندہ وفد نے دورہ کیا۔اے اے آئی کے ڈپٹی جنرل منیجر ملیکا کی قیادت میں تین عہدیداروں پر مشتمل ٹیم نے بسنت نگر کے پرانے رن وے اور انترگاں میں مجوزہ مقام کا نقشوں کے ذریعہ معائنہ کیا۔ جہاں بسنت نگر کے پرانے رن وے کو ایرپورٹ میں تبدیل کرنے کی تجویز زیر غور ہے وہیں ریاستی حکومت نے انترگاں میں نیا مقام تجویز کیا ہے جس کے پیش نظر دونوں مقامات کا معائنہ کیا گیا۔عہدیداروں نے بتایا کہ بسنت نگر میں تقریبا 300 ایکڑ اراضی دستیاب ہے، جب کہ انترگاں کے قریب تقریبا 500 ایکڑ اراضی موجود ہے۔ٹیم کے ساتھ پداپلی آر ڈی او گنگیا، سروے اور لینڈ ریکارڈس کے اے ڈی سرینواس اور انترگاں کے تحصیلدار رویندر بھی موجود تھے۔پداپلی کے رکن پارلیمنٹ جی ونشی کرشنا نے مطالبہ کیا کہ راما گنڈم کے بسنت نگر میں ہی ایرپورٹ تعمیر کیا جائے۔انہوں نے اس معاملہ میں کسی بھی قسم کی سیاسی سازش کو موقع نہ دینے کی اپیل کرتے ہوئے وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو کو مکتوب بھی لکھا اور کئی بار شخصی طور پر ملاقات کر کے نمائندگی بھی کی۔ رکن پارلیمنٹ ونشی کرشنا نے مرکزی وزیر سے اپیل کی کہ ٹکنیکل فیزیبلیٹی رپورٹ کے نام پر بسنت نگر میں ایرپورٹ کی تعمیر کو روکنے کی کوشش نہ کی جائے۔

تلنگانہ ایس ایل بی سی سرنگ میں بچاو آپریشن روک دیا گیا

حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے ایس ایل بی سی سرنگ حادثہ میں پھنس جانے والے افراد کو باہر نکالنے کے لئے دو ماہ سے جاری بچاو آپریشن ہفتہ کو روک دیا گیا۔ اس دل دہلانے والے حادثہ میں 8 مزدور لاپتہ ہو گئے تھے، جن میں سے دو مزدوروں کی لاشیں نکالی جا چکی ہیں، جب کہ بقیہ 6 مزدوروں کے لئے تلاشی و کھدائی کا کام جاری تھا۔تقریبا 63 دنوں تک مسلسل جاری رہنے والے ریسکیو آپریشن کو آج عارضی طور پر روک دیا گیا ہے، جس کے بعد سرنگ کے اندر دن رات کام کرنے والے ایکسکاویٹرس کو باہر نکالا گیا ہے۔حکام کے مطابق سرنگ کے زیادہ تر حصہ سے ملبہ ہٹا دیا گیا ہے، صرف خطرناک زون میں کچھ ملبہ باقی ہے، جہاں مزید کام کرنا باقی ہے۔واضح رہے کہ یہ حادثہ 22 فروری کو سری سیلم کے لفٹ بینک کنال کے سرنگ میں پیش آیا تھا، جہاں پانی کی نکاسی کے لئے کام جاری تھا۔اس منصوبہ کو ریاستی حکومت نے ایک اہم اور باوقار مشن کے طور پر لیا تھا، جس میں مسلسل کئی ہفتوں تک امدادی کارروائیاں جاری رہیں۔تاہم اب ٹیکنیکل کمیٹی نے رپورٹ دی ہے کہ سرنگ کے انلیٹ سے 13.6 کلومیٹر اندر جانا بالکل محفوظ نہیں ہے، لہذا مزید خطرہ سے بچنے کے لئے عارضی طور پر آپریشن روکنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بی آر ایس کے پوسٹرس نکال دینے پر کشیدگی



حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) شہر حیدرآباد کے نواحی علاقہ قطب اللہ پور میں بی آر ایس پارٹی کے پوسٹرس ہٹانے پر ہلکی کشیدگی دیکھی گئی۔تفصیلات کے مطابق ڈیزاسٹر ریسپانس فورس)ڈی آر ایف (کے ملازمین نے بی آر ایس پارٹی کی سلور جوبلی تقاریب کے سلسلہ میں لگائے گئے پوسٹرس اور فلیکسی بورڈس کو رات گئے ہٹا دیا۔ مقامی بی آر ایس لیڈروں نے جب ڈی آر ایف ملازمین کو نصف شب کے قریب جلد بازی میں پوسٹرس ہٹاتے ہوئے دیکھا تو ان سے باز پرس کی تاہم، ڈی آر ایف ملازمین کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکے اور محض یہ کہہ کر ٹال دیا کہ وہ اعلی عہدیداروں کی ہدایات پر عمل کر رہے ہیں۔ بی آر ایس کارکنوں نے کہا کہ پروگرام 27 اپریل کو منعقد ہونے والا ہے، اس لئے پوسٹرس نہ ہٹائے جائیں لیکن ان کی درخواست کو نظرانداز کر دیا گیا۔بی آر ایس لیڈروں نے الزام لگایا کہ ڈی آر ایف کی ٹیمیں جانبداری سے کام کر رہی ہیں اور سلور جوبلی تقاریب سے قبل صرف بی آر ایس پارٹی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔صورتحال اس وقت مزید بگڑ گئی جب بڑی تعداد میں بی آر ایس کارکنان وہاں جمع ہونے لگے۔اس دوران، ڈی آر ایف ملازمین وہاں سے چلے گئے لیکن جلد بازی میں ان کی گاڑی قطب اللہ پور روڈ پر ایک کار سے ٹکرا گئی۔

تلنگانہ میں جملہ 250 پاکستانی شہری مقیم، آج ملک چھوڑنے کی ہدایت

حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ریاست تلنگانہ میں جملہ 250 پاکستانی شہری مقیم ہیں۔حیدرآباد پولیس کمشنریٹ حدود میں 208، سائبرآباد حدود میں 39 اور رچہ کنڈہ حدود میں تین پاکستانی شہری موجود ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ان میں سیاحتی ویزوں پر آنے والوں کی تعداد بہت کم ہے، جب کہ زیادہ تر طویل مدتی ویزوں پر مقیم ہیں۔ملک بھر میں سنسنی پھیلانے والے پہلگام دہشت گرد حملے کے پس منظر میں، مرکزی حکومت نے ہندوستان میں موجود پاکستانیوں کے ویزے منسوخ کرنے کا اعلان کیا تھا۔مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے بذات خود تمام ریاستوں کے وزرائے اعلی سے بات کی تھی۔ ڈی جی پی جتیندر نے گذشتہ روز احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رعایت یافتہ افراد اور طویل مدتی ویزے پر آنے والوں کے سوا دیگر تمام پاکستانی شہریوں کو مقررہ مدت میں واپس پاکستان جانا ہوگا۔اس سلسلہ میں ایک سرکاری اعلامیہ جاری کیا گیا۔اعلامیہ کے مطابق طبی بنیادوں پر آنے والے افراد کو 29 اپریل تک کی مہلت دی گئی ہے، جب کہ دیگر افراد کو 27 اپریل تک ملک چھوڑنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ پنجاب میں واقع اٹاری سرحد 30 اپریل تک کھلی رہے گی۔ سفارتی اور سرکاری ویزوں پر آنے والے افراد پر ویزا منسوخی کا فیصلہ لاگو نہیں ہوگا۔ پولیس کے مطابق ریاست میں خاص طور پر حیدرآباد میں پاکستانی شہری اپنے رشتہ داروں سے ملاقات کے لئے آتے ہیں اور اکثر طویل مدتی ویزے حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح 190 افراد کی آمد کی تصدیق ہوئی ہے جب کہ مزید 50 افراد مختلف ویزوں پر آئے ہیں۔ چند ایک کے علاوہ باقی سب سیاحتی یا عارضی ویزوں پر ہیں۔کھلاڑیوں، صحافیوں وغیرہ کو سارک ویزے جاری کیے جاتے ہیں، مگر ریاست میں اس وقت ایسے کوئی افراد موجود نہیں ہیں۔نہ ہی کوئی سفارتی یا سرکاری ویزوں پر آیا ہے۔پولیس نے کارروائی شروع کی ہے، مگر اس میں کئی چیلنجس درپیش ہیں۔موصولہ اطلاعات کے مطابق بعض افراد کا پتہ نہیں چل سکا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر تمام افراد کی شناخت کر لی جائے گی۔بعض معاملات میں بھی ابھی تک حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا۔ تلگو میڈیا کے مطابق مثال کے طور پر حیدرآباد کے ہمایوں نگر کی حبیب النسا اپنے شوہر کے ساتھ کافی عرصہ قبل پاکستان گئی تھیں اور دونوں نے پاکستانی شہریت اختیار کر لی تھی۔ کچھ عرصہ بعد وہ دونوں حیدرآباد واپس آ گئے، لیکن یہاں ان کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔حبیب النسا ہر سال اپنے ویزے کی توسیع کرواتی رہی ہیں۔انہوں نے بھارتی شہریت کے لیے درخواست دی تھی، جسے حکومت نے مسترد کر دیا۔قانوناً وہ اب بھی پاکستانی شہری ہیں، اور ان کے بارے میں فیصلہ کرنا حکام کے لیے مشکل ہو رہا ہے۔اسی طرح، متحدہ عرب امارات میں کام کرنے والی حیدرآبادی خاتون نے ایک پاکستانی نوجوان سے شادی کی۔ ان کا ایک بیٹا بھی پیدا ہوا۔بعد میں وہ خاتون اپنے بیٹے کو لے کر حیدرآباد آ گئیں، جبکہ اس کا شوہر نیپال کے راستے جعلی دستاویزات کے ذریعہ ہندوستان میں داخل ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ مقیم تھا۔حکام نے اسے گرفتار کر کے جیل بھیج دیا، اور وہ اب ضمانت پر ہے۔کیس عدالت میں زیر سماعت ہونے کے سبب، اس نوجوان کے بارے میں بھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہو سکا۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس نوعیت کے مزید کئی معاملات زیر غور ہیں۔

ضلع عادل آباد میں درجہ حرارت 45 ڈگری سے تجاوز

حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز صدائے حسینی) تلنگانہ کے دارالحکومت حیدرآباد کے بشمول کئی اضلاع ان دنوں شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ضلع عادل آباد میں درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا ہے، جس کے باعث ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔تیز ہوائیں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ کر رہی ہیں، جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔محکمہ موسمیات نے مشورہ دیا ہے کہ جب تک انتہائی ضرورت نہ ہو، عوام گھروں سے باہر نہ نکلیں۔ عادل آباد، نرمل، منچریال اور آصف آباد میں کاروباری اور تجارتی مراکز خاص طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ شمالی سمت سے چلنے والی ہواوں کی شدت عادل آباد، منچریال اور آصف آباد میں معمول سے کہیں زیادہ ہے، جس نے گرمی کی شدت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔عوام سے گزارش ہے کہ وہ کافی مقدار میں پانی کا استعمال کریں۔

وزیراعظم مودی پھر آئیں گے بہار، اسمبلی انتخابات سے پہلے ملے گا تحفہ

پٹنہ، 26 اپریل (ہ س)۔ وزیراعظم نریندر مودی نے 24 اپریل کو بہار کے مدھوبنی سے ریاست میں اسکیموں کا آغاز کیا۔ وزیراعظم کے ذریعہ بہار کو سوغاتیں دینے کا سلسلہ یہیں نہیں رکنے والا ہے کیونکہ ان کا بہار کا دورہ آئندہ ماہ میں بھی ہوسکتا ہے۔ بہار میں اس سال اکتوبر-نومبر میں ہونے والے اسمبلی انتخابات سے پہلے پی ایم مودی کی خصوصی توجہ ریاست پر ہونے کی امید ہے۔ اس میں اس سال پی ایم مودی ریاست کے مختلف علاقوں کو مرحلہ وار کئی اسکیموں کا فائدہ دیں گے۔ مدھوبنی سے متھیلا علاقوں کے لیے کئی اعلانات کیے گئے، اس لیے اب مئی کے مہینے میں پی ایم مودی کا اسی طرح کا دورہ مگدھ اور شاہ آباد میں دیکھا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم مودی 4 مئی کو بہار کا دورہ کر سکتے ہیں۔ کھیلو انڈیا کی افتتاحی تقریب 4 مئی کو پٹنہ میں ہونے والی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایم نریندر مودی اس میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بہار میں پہلی بار کھیلو انڈیا یوتھ گیم 2025 کا انعقاد 4 مئی سے 15 مئی تک کیا جا رہا ہے۔ پٹنہ، گیا، راجگیر، بیگوسرائے اور بھاگلپور اور دہلی میں کل 28 کھیلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس تقریب کو تاریخی بنانے کے لیے پی ایم مودی اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ مئی میں پی ایم مودی کا بہار کا دوسرا دورہ 30 مئی کو ہو سکتا ہے۔ یہ دورہ شاہ آباد کے علاقے میں ہونے کا امکان ہے۔ مانا جا رہا ہے کہ پی ایم مودی کی ریلی اورنگ آباد یا سہسرام میں ہو سکتی ہے۔ گزشتہ لوک سبھا انتخابات میں شاہ آباد علاقہ این ڈی اے کے لیے ایک جھٹکا تھا۔ شاہ آباد کے تحت آنے والی تمام لوک سبھا سیٹوں پر این ڈی اے کے امیدوار ہار گئے تھے۔ ایسے میں اسمبلی انتخابات سے پہلے بی جے پی وزیراعظم مودی کی مدد سے یہاں بڑا سیاسی کھیل کھیلنے کی تیاری کر رہی ہے۔ بہار بی جے پی نے مئی کے مہینے میں وزیراعظم مودی کے بہار کے دو ممکنہ دوروں کی تیاری شروع کر دی ہے۔ بی جے پی کے قومی صدر ڈاکٹر دلیپ جیسوال کی صدارت میں بی جے پی کور کمیٹی کی میٹنگ بھی ہوئی ہے۔ حالانکہ فی الحال پی ایم مودی کے بہار کے آئندہ دورے کے بارے میں بی جے پی رہنماو؟ں کی طرف سے کوئی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ لیکن مانا جا رہا ہے کہ پی ایم مودی کے بہانے بہار بی جے پی نے اسمبلی انتخابات کی بڑی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔

کٹھوعہ میں سرحد کے قریب گیہوں کی فصل کی ریکارڈ پیداوار

جموں، 26 اپریل (ہ س)۔ ضلع کٹھوعہ کے سرحدی علاقے چک چنگا میں زیرو لائن کے اُس پار گیہوں کی فصل کی کٹائی کا عمل ایک تقریب کے ذریعہ باضابطہ طور پر شروع ہو گیا، جو زرعی ترقی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ ہیرانگر کے چندوان بارڈر آؤٹ پوسٹ کے نزدیک واقع اس گاؤں میں رواں ربیع سیزن کے دوران ریکارڈ پیداوار دیکھنے میں آئی ہے۔ یہ اقدام ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر راکیش منہاس کی رہنمائی میں محکمہ زراعت، بارڈر سیکورٹی فورس (بی ایس ایف) اور مقامی کسانوں کے مابین مربوط اشتراک عمل کا نتیجہ ہے۔ افتتاحی تقریب میں چیف ایگریکلچر آفیسر سنجیو رائے گپتا اور بی ایس ایف کے کمپنی کمانڈنٹ انسپکٹر مہیش کمار نے مشترکہ طور پر کٹائی کے عمل کا آغاز کیا۔ اس موقع پر کسانوں نے ریکارڈ پیداوار پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ضلع انتظامیہ، محکمہ زراعت اور بی ایس ایف کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انہیں سیکورٹی، تکنیکی معاونت اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی۔ محکمہ زراعت کی جانب سے فصل کی بروقت کٹائی کے لیے 15 ٹریکٹرز اور 2 کمبائن ہارویسٹرز تعینات کیے گئے ہیں۔ رواں سیزن میں باڑ کے اُس پار 350 ایکڑ اراضی پر گیہوں کی کاشت کی گئی، جو ربیع 2021-22 میں ایک پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر شروع ہونے والی اس مہم کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ اس منصوبے میں چک چنگا، چک ٹنڈا، کرول کرشنا، کرول میتھرائن اور منیاری سمیت متعدد سرحدی دیہات کے 90 کسان شامل ہیں۔ چیف ایگریکلچر آفیسر سنجیو رائے گپتا نے کہا کہ بی ایس ایف کی سیکورٹی، محکمہ زراعت کی تکنیکی رہنمائی اور کسانوں کی محنت کے باعث اس سال غیر معمولی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

کٹرا قصبہ میں یکم مئی سے جدید کنٹرول سسٹم فعال ہوگا

جموں، 26 اپریل (ہ س)۔ شری ماتا ویشنو دیوی یاترا کے دوران عقیدت مندوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ضلع ریاسی کے کٹرا قصبے میں ایک جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر مئی کے پہلے ہفتے تک مکمل طور پر فعال کر دیا جائے گا۔ اس کا اعلان شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے سی ای او انشل گرگ نے ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس اجلاس میں فوج، سیکورٹی ایجنسیوں، انٹیلی جنس اداروں اور سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد یاترا کے دوران سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لینا اور ان میں مزید بہتری لانا تھا۔ انشل گرگ نے آئی سی سی سی کو وقت پر فعال کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ مرکز مصنوعی ذہانت سے لیس ہوگا، جو سات سو جدید سی ٹی وی کیمروں کے نیٹ ورک کے ذریعے لمحہ بہ لمحہ نگرانی کرے گا۔ ان کیمروں میں چہرہ شناسائی، حرکات و سکنات پر نظر رکھنے اور پی ٹی زیڈ جیسے جدید فیچرز شامل ہیں، جو کسی بھی مشتبہ سرگرمی کا فوری پتہ لگانے میں معاون ثابت ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس جدید نظام کے ذریعے تمام سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان رابطہ مضبوط ہوگا اور ہنگامی حالات میں بروقت کارروائی ممکن ہو سکے گی۔ اجلاس میں پٹھو اور پونی والا سروس فراہم کرنے والوں کی شناخت کی تصدیق، جعلی افراد کی روک تھام، اور صرف رجسٹرڈ و مجاز افراد کو خدمات فراہم کرنے کی اجازت دینے پر بھی زور دیا گیا۔ اجلاس میں علاقائی نگرانی، ڈرون کے ذریعے فضائی جائزہ، اضافی سیکورٹی فورسز کی تعیناتی اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال جیسے اقدامات زیر بحث آئے۔ گرگ نے واضح کیا کہ شرائن بورڈ کی اولین ترجیح یاتریوں کی سلامتی ہے، جس کے لیے ایکسرے بیگیج اسکینر، میٹل ڈیٹیکٹر، انڈر وہیکل سرچ مرر اور جیوفینسنگ جیسے جدید آلات نصب کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنانے اور سیکورٹی پروٹوکول پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت دی۔ ایس ایس پی ریاسی نے اجلاس کو بتایا کہ غیر مجاز سروس فراہم کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہیں اور مسلسل چیکنگ کا عمل جاری ہے۔

مرشدآباد تشدد کے چند دن بعد دو سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا تبادلہ

کولکاتا، 25 اپریل (ہ س)۔ مرشدآباد ضلع میں وقف ایکٹ کو لیکر فرقہ وارانہ تشدد پھوٹ پڑنے کے چند دن بعد مغربی بنگال حکومت نے جمعہ کو دو سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا تبادلہ کر دیا۔ حال ہی میں جاری نوٹیفکیشن میں حکومت نے ان تبادلوں کو معمولی انتظامی ردوبدل قرار دیا ہے اور اسے تشدد کے واقعات سے جوڑنے سے انکار کیا ہے۔ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق مرشدآباد کے پولیس سپرنٹنڈنٹ سوریہ پرتاپ یادو کو ہٹا کر ان کی جگہ کمار سنی راج کو تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح جنگی پور پولیس ضلع کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آنند رائے کو بھی ہٹا کر ان کی جگہ امت کمار سال کو بھیجا گیا ہے۔ ساتھ ہی انٹیلی جنس برانچ کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آشیش موریہ کو ان کے موجودہ عہدے سے ہٹا کر رانا گھاٹ کا ایس پی بنایا گیا ہے۔ تبادلے کے بعد سوریہ پرتاپ یادو کو کوچ بہار میں نارائنی بٹالین کا کمانڈنگ آفیسر بنایا گیا ہے، جب کہ آنند رائے کو سالوا میں ای ایف آر کی تیسری بٹالین کی کمان سونپی گئی ہے۔ آئی پی ایس امت اس سے قبل کولکاتا پولیس کے محکمہ ٹریفک (جنوبی) میں ڈپٹی کمشنر کے عہدے پر تعینات تھے۔

بھیونڈی کے منی سورت کمپلیکس میں شدید آتشزدگی، کوئی جانی نقصان نہیں

ممبئی، 26 اپریل (ہ س)۔ تھانے کے بھیونڈی علاقے میں واقع منی سورت کمپلیکس میں ہفتہ کے روز اچانک زبردست آگ بھڑک اٹھی، جس کے بعد فائر بریگیڈ اور ایمرجنسی سروسز نے فوری کارروائی شروع کر دی۔ جائے وقوعہ پر آگ کے سبب دھوئیں کے گہرے بادل چھا گئے اور دیکھتے ہی دیکھتے علاقے میں سنسنی پھیل گئی۔ فائر بریگیڈ کی کئی گاڑیاں موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف رہیں۔ آگ کے سبب کمپلیکس میں قائم کئی دکانوں کو شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے، تاہم تاحال کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ مقامی افراد کی بڑی تعداد واقعہ کے مقام پر جمع ہو گئی، جس پر پولیس نے فوراً موقع پر پہنچ کر حفاظتی اقدامات کے تحت اطراف کی ناکہ بندی کر دی۔ حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ متاثرہ علاقے سے دور رہیں اور فائر بریگیڈ اور ایمرجنسی ٹیموں سے مکمل تعاون کریں۔ آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگایا جا رہا ہے اور مزید معلومات کا انتظار ہے۔ فائر بریگیڈ کی کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور صورتحال پر نظر رکھی جا رہی ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے سفیر شرما سے ملاقات

کٹھمنڈو، 26 اپریل (ہ س)۔ ہندوستان کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہلی میں نیپال کے سفیر ڈاکٹر شنکر شرما کو بلا کر پہلگام حملے میں ہلاک ہونے والے نیپالی نوجوانوں کے تئیں اپنی گہری تعزیت کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے حوالے سے ہندوستانی وزارت خارجہ میں مختلف ممالک کے سفیروں سے ملاقات کے دوران نیپال کے سفیر ڈاکٹر شرما سے ملاقات کی۔ ہندوستانی وزارت خارجہ میں جمعہ کی شام ہونے والی اس میٹنگ کے دوران جے شنکر نے پہلگام حملے میں مارے گئے نیپالی شہری سودیپ نیوپانے کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر شرما نے کہا کہ وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر کے مطابق، حکومت ہند نیوپانے کے متاثرہ خاندان کو وہ تمام سہولیات فراہم کرے گی، جو اس حملے میں مارے گئے ہندوستانی شہریوں کو دی جائیں گی۔ وزیر خارجہ نے پہلگام حملے پر حکومت نیپال کی حمایت پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی کی جانب سے اظہار تعزیت کرنے کے لیے ہندوستانی وزیر اعظم نریندر مودی کو ذاتی طور پر فون کر کے دکھ کی اس گھڑی میں ہندوستان کے ساتھ کھڑے ہونے پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

اقبال کاسکر تاوان وصولی کے تیسرے مقدمے سے بھی بری

ممبئی، 26 اپریل (ہ س)۔ تھانے کی مکوکا عدالت نے انڈرورلڈ ڈان داؤد ابراہیم کے چھوٹے بھائی اقبال کاسکر اور اسرار صیاد کو 2017 میں درج ایک تاوان کے مقدمے سے ناکافی شواہد کی بنیاد پر بری کر دیا۔ اس کیس میں شامل تیسرے ملزم ممتاز شیخ کی سماعت کے دوران وفات کے بعد مقدمہ ختم کر دیا گیا تھا۔ یہ مقدمہ ایک مقامی بلڈر کی شکایت پر درج کیا گیا تھا، جس نے دعویٰ کیا کہ 2015-16 میں اس نے ملزمان کے مطالبے پر 2 فلیٹ اور 90 لاکھ روپے دیے۔ بلڈر نے بیان دیا کہ اس نے تھانے کے کاویسر علاقے میں زمین خریدی تھی، لیکن مالکان کے قانونی ورثا سے تنازع پیدا ہو گیا۔ اسی دوران ممتاز شیخ، جو ایک رئیل اسٹیٹ ایجنٹ تھا، بلڈر سے تصفیے کے لیے ملا۔ شیخ نے اسرار صیاد کے ہمراہ پروجیکٹ سائٹ پر آ کر بتایا کہ صیاد اقبال کاسکر کے لیے کام کرتا ہے اور کاسکر نے زمین کے حقوق خرید لیے ہیں، اس لیے بلڈر کو ان کے مطالبات پورے کرنے ہوں گے۔ بلڈر کے مطابق، شیخ اور صیاد نے 4 فلیٹ اور 30 لاکھ روپے کا تقاضا کیا۔ اس نے گواہی دی کہ اس نے ایک فلیٹ اصل مالکان، دوسرا شیخ کے نام پر رجسٹر کرایا اور دو فلیٹ فروخت کر کے کاسکر کو 60 لاکھ روپے ادا کیے، بعد ازاں باقی 30 لاکھ روپے بھی وقتاً فوقتاً ادا کیے گئے۔ جون 2017 میں دوبارہ رابطے اور دباؤ کے بعد بلڈر نے 18 ستمبر 2017 کو پولیس سے رجوع کیا۔ یہ مقدمہ انسداد جبری وصولی سیل نے درج کیا تھا، جس کی نگرانی اس وقت پردیپ شرما کر رہے تھے۔ کاسکر پر انسداد بھتہ خوری کے 3 مقدمات تھے اور وہ ان تینوں میں بری ہو چکا ہے۔ ان ہی کی بنیاد پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے اس پر منی لانڈرنگ کا مقدمہ بھی قائم کیا تھا، جو اب تک زیر سماعت ہے۔

پٹنہ ہائی کورٹ اور سکریٹریٹ میں نوکری دلانے کے نام پر کروڑوں کا فراڈ، تین سائبر ٹھگ گرفتار

پٹنہ، 26 اپریل (ہ س)۔ پٹنہ پولیس نے تین سائبر دھوکہ بازوں کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے پٹنہ ہائی کورٹ اور سکریٹریٹ میں نوکری دلانے کے نام پر کروڑوں روپے کی دھوکہ دہی کی تھی۔ سائبر دھوکہ بازوں نے پٹنہ ہائی کورٹ اور سکریٹریٹ کی فرضی ویب سائٹس بنائی تھیں اور لوگوں کو نوکریوں کا وعدہ کر کے دھوکہ دیا تھا۔ یہاں تک کہ بے روزگار امیدواروں سے 8 سے 10 لاکھ روپے لئے گئے اور انہیں دو ماہ کی ٹریننگ بھی دی گئی۔ پٹنہ سائبر ڈی ایس پی راگھویندر منی ترپاٹھی نے جمعہ کے روز اس دھوکہ دہی کا انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں تین سائبر ٹھگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ 50 کے قریب افراد کو دھوکہ دہی کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ سب سے پہلے پٹنہ ہائی کورٹ کے رجسٹرار نے مقدمہ درج کیا تھا، جس کے بعد سکریٹریٹ کے نام پر دھوکہ دہی کا اسی طرح کا مقدمہ درج ہوا۔ سائبر پولیس کی جانچ میں پتہ چلا کہ دھوکہ بازوں نے پٹنہ ہائی کورٹ کی فرضی ویب سائٹ بنا کر لوگوں کو دھوکہ دیا تھا۔ انہوں نے بے روزگار امیدواروں سے 8 سے 10 لاکھ روپے لئے اور انہیں ہائی کورٹ میں چپراسی کی نوکری دلانے کے نام پر جھانسہ دیا۔ اسی طرح سکریٹریٹ کے نام پر کچھ لوگوں کو دھوکہ دیا گیا۔ ڈی ایس پی راگھویندر منی ترپاٹھی نے کہا کہ ہائی کورٹ کی فرضی ویب سائٹ سے امیدواروں کو ای میل بھیجے گئے تھے۔ انہیں بتایا گیا کہ انہیں دو ماہ کی ٹریننگ دی جائے گی جس کے بعد انہیں تعینات کیا جائے گا۔

ترنمول کے رکن پارلیمنٹ کلیان بنرجی کے خلاف کلکتہ ہائی کورٹ کے وکیل کے ساتھ مارپیٹ کی شکایت درج

کولکاتا، 26 اپریل (ہ س)۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے سینئر وکیل اور چار بار ترنمول کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کلیان بنرجی پر عدالت کے احاطے میں ایک اور وکیل کے ساتھ مارپیٹ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ متاثرہ وکیل اشوک کمار ناتھ نے کولکاتا کے ہیر اسٹریٹ پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی ہے۔ اس نے الزام لگایا ہے کہ کلیان بنرجی نے انہیں گالیاں دیں، انہیں کالر پکڑ کر گھسیٹا اور اس کے چہرے پر گھونسا مار کر زخمی کر دیا۔ یہ واقعہ جمعرات کی صبح تقریباً 11 بجے کورٹ نمبر 11 کے باہر پیش آیا، جو جسٹس تپوبرت چکرورتی اور جسٹس ریتوبرت کمار مترا کی ڈویژن بنچ ہے۔ اس وقت عدالتی کارروائی ملتوی تھی۔ ناتھ نے کہا کہ انہوں نے عدالت کے اندر ترنمول ایم پی سوگت رائے کے خلاف بنرجی کے قابل اعتراض تبصرے کے خلاف احتجاج کیا تھا۔ اس کے بعد عدالت سے باہر آتے ہی بنرجی نے ان کے ساتھ بدسلوکی کی اور مارپیٹ شروع کر دی۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ بنرجی نے اپنے کچھ ساتھی وکیلوں کو بھی ان پر حملہ کرنے کے لیے بلایا۔ ناتھ نے میڈیا کو بتایا، ”میں نے سوگت رائے کے خلاف ان کے تضحیک آمیز تبصروں کے خلاف احتجاج کیا تھا جس سے وہ ناراض ہو گئے اور انہوں نے مجھ پر حملہ کر دیا۔ میرے چہرے پر چوٹیں آئیں اور خون بہنے لگا۔“ ناتھ نے درخواست کی ہے کہ پولیس اسٹیشن میں جمع کرائی گئی ان کی شکایت کو ایف آئی آر کے طور پر درج کیا جائے۔ دوسری جانب کلیان بنرجی نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ انہوں نے کہا، ”میں نے کسی پر حملہ نہیں کیا، وہ مجھے بار بار جھوٹے الزامات لگا کر اکسا رہے تھے، میں نے انہیں صرف ایک طرف ہٹایا تھا۔“

سدی پیٹ میں تیندوے کی موجودگی سے سنسنی

حیدرآباد۔26/اپریل (سفیر نیوز صدائے حسینی) تلنگانہ کے ضلع سدی پیٹ میں وڈے پلی علاقہ کے جنگلات میں تیندوے کی موجودگی سے مقامی افراد میں خوف کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ تیندوے نے دو شکاری کتوں پر حملہ کر کے انہیں ہلاک کر دیا، جو کہ جنگلی خنزیروں سے کھیتوں کی حفاظت کے لئے رکھے گئے تھے۔ اس واقعہ کی اطلاع ملنے پر دوباک رینج کے فاریسٹ آفیسر سندیپ کمار موقع پر پہنچے اور تیندوے کے پنجوں کے نشانات اکٹھے کئے۔

مرکزی وزیر منوہر لال سکم پہنچے

گنگٹوک، 26 اپریل (ہ س)۔ مرکزی توانائی، ہاوسنگ اور شہری امور وزیر منوہر لال جمعہ کی رات سکم پہنچے۔ راج بھون میں راج بھون پہنچنے پر مرکزی وزیر کا راج بھون کے کمشنر اور سکریٹری اور راج بھون کے عہدیداروں نے استقبال کیا۔ مرکزی وزیر منوہر لال 25 سے 27 اپریل تک سکم کے سرکاری دورے پر ہیں۔ وہ دارالحکومت میں منعقد ہونے والی شمال مشرقی خطے کے توانائی کے وزراء کی کانفرنس میں شرکت کے لیے سکم آئے ہیں۔ ان کے ساتھ میزورم، تریپورہ، میگھالیہ اور اروناچل پردیش کے توانائی وزیر بھی سکم آئے ہیں۔ مرکزی وزیر کا کل شام باگڈوگرا ہوائی اڈے (مغربی بنگال) پر سکم حکومت کے عہدیداروں نے استقبال کیا۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیشائی انٹر پرائیزز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 500037 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146 'امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780 'پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215-